ruling دیں یا فرحت اللہ بابر صاحب کی زیر نگرانی کوئی کمیٹی بنا دیں جو ان لوگوں کی داد رسی کرے۔ وہ لوگ جن کے آباواجداد کی یہ ذاتی زمین ہے، جہاں ان کی قبریں ہیں، مال مویشی، گھر، بچے اور خاندان ہیں اور یہ کوئی طریقہ کار نہیں ہے کہ زبردستی ان سے ان کی زمین لی جائے۔ وزیر صاحب موجود ہیں، یہ NA-45 سے election لڑتے ہیں، انہوں نے پہلے بھی بڑی تفصیل سے جواب دیا تھا، میں سمجھتی ہوں کہ اس سلسلے میں یہ بھی مددگار ثابت ہوں گے۔ شکریہ۔

Recognition of presence of Syrian Parliamentary Delegation

Mr. Chairman: Thank you. The Chair recognizes the presence of the Syrian Peoples Assembly's Speaker Dr. Hadiya Khalaf Abbas along with a delegation which is present in the galleries. The honourable Speaker and the delegation are in Islamabad to attend the APA conference which is being hosted by the Senate of Pakistan. I welcome the honourable Speaker. Minister Sahib.

Dr. Tariq Fazal Chaudhary (Minister of State for CADD)

ڈاکٹر طارق فضل چوہدری: جناب چیئرمین! بہت شکریہ۔ فاضل سینیٹر صاحبہ پہلے بھی یہ issue ایوان میں اٹھا چکی ہیں، میں ان کا شکریہ ادا کرتا ہوں۔ یہ واقعی بڑے concern کی بات ہے۔ جناب چیئرمین! متعلقہ ادارے میری وزارت میں ہیں اور میں بحیثیت انچارج وزیر بھی اس سے concerned ہوں اور اس سے بھی زیادہ connection یہ ہے کہ میں اس حلقے سے منتخب MNA ہوں اور تیسری بات یہ ہے کہ یہ علاقہ "تمہ اور مؤریاں" میرا اپنا آبائی علاقہ ہے، جہاں پر میرا خاندان تین چار سو سال سے آباد ہے اور یہ تمام families بھی وہاں پر تین چار سو سال سے آباد ہیں اور یہ میرے پڑوسی بھی ہیں۔ میں نے یہ بات اس لیے کی کہ میں اس مسئلے کے حوالے سے بہت زیادہ concerned ہوں۔ میں مختصراً چند facts آپ کے اور ایوان کے سامنے رکھنا چاہتا ہوں۔

جناب چیئرمین! اس سے پہلے اسلام آباد میں اس طرح کی acquisition کبھی نہیں ہوئی۔ اسلام آباد میں 1960 سے جو acquisitions ہو رہی ہیں، وہ حکومت نے اسلام آباد کو capital بنانے کے لیے کی ہیں۔ اس میں residential area بھی تھا اور Residential

Ordinance کے نتیجے میں باقاعدہ acquisition ہوئی اور نیا capital بنایا گیا۔ اس کے بعد اگر کسی جگہ پر یونیورسٹی یا ہسپتال بنانا ہو تو acquisitions ہوئی ہیں لیکن کسی private party اور خاص طور پر وہ لوگ جن کے آباواجداد کی زمینیں ہیں، ان سے لے کر دوسرے لوگوں کو گھر اور housing societies بنانے کے لیے Government acquisition کر کے دے، اس طرح کی کسی acquisition کی اس سے پہلے نہ کوئی اجازت تھی اور نہ ہی ہوئی ہے۔ اس میں یقیناً honourable Supreme Court کی بھی کچھ directions تھیں، جن کے نتیجے میں ICT نے کچھ directives وغیرہ جاری کیے ہیں۔ حال ہی میں Prime Minister Sahib کو ایک summary بھیجی گئی۔ جس میں انہوں نے یہ clear کر دیا کہ اس طرح کی acquisition کی Prime Minister House اجازت نہیں دیتا اور نہ ہی ہم اس کی support کرتے ہیں۔

جناب چیئرمین! اس کی details کچھ اس طرح ہیں کہ ICT کی طرف سے تقریباً 12 ہزار کنال کے acquisition کا notification جاری کیا گیا جس میں سے تقریباً 3 سے 4 ہزار کنال زمین Supreme Court Bar Association کے وکلا حضرات کو Housing Foundation نے دینے کا وعدہ کیا اور یہ چیز اس directive میں موجود ہے۔ Honourable Senator صاحبہ نے جو کہا اس میں کوئی دو رائے نہیں ہے کہ موقع پر شدید مزاحمت کا خطرہ ہے۔ میں پہلے عرض کر چکا ہوں کہ میں local ہوں ان علاقوں کے تمام معاملات کو جانتا ہوں، وہاں پر کسی صورت میں بھی جبری طور پر قبضہ نہیں لیا جا سکتا کیونکہ وہاں کے مقامی لوگ شدید مزاحمت کے لیے تیار ہیں۔

جناب چیئرمین! اس سلسلے میں وکلا کے سینیئر نمائندوں، Supreme Court Bar Association کے لوگوں اور D.G. Housing Foundation سے میری meetings ہوئیں۔ انہوں نے صحیح کہا کہ تمہ اور موریاں سے پہلے ملہوٹ گاؤں کا notification ہوا تھا، اس سلسلے میں بیرسٹر ظفراللہ صاحب اہم role ادا کر رہے تھے، ہماری آخری meeting انہی کے آفس میں ہوئی ہے ، جس میں D.G. Housing Foundation اور وکلا کے نمائندے بھی موجود تھے، اس میں یہ طے پایا کہ اس معاملے کو خوش

اسلوبی اور صلح صفائی سے آگے بڑھایا جائے گا اور کسی طرح کا use of force نہیں ہو گا اور لوگوں کے ساتھ کوئی زیادتی نہیں ہو گی۔ میں پچھلے دنوں کچھ cases کے hearing کے سلسلے میں سپریم کورٹ جاتا رہا تو وہاں پر جو سپریم کورٹ کے سینیئر ترین وکلا حضرات ہیں، انہوں نے مجھے as delegation چائے پر مدعو کیا، میں نے ان کے سامنے یہ ساری صورتحال رکھی اور انہیں بتایا کہ جبری طور پر اس زمین کا acquisition بالکل ممکن نہیں ہے کیونکہ وہاں پر بہت زیادہ مزاحمت کا خطرہ ہے، انہوں نے میری اس بات سے اتفاق کیا۔ میں نے انہیں کہا کہ اگر آپ صلح صفائی سے چلیں گے تو میں آپ کا ساتھ دوں گا اور اگر آپ نے جبری acquisition کی اور force کے ذریعے قبضہ لینے کی کوشش کریں گے تو پھر میری ہمدردیاں مقامی لوگوں کے ساتھ ہوں گی، میں ان کے ساتھ کھڑا ہوں گا۔

جناب چیئرمین! clarity کے ساتھ ساری صورتحال ان کے سامنے رکھی چکی ہے۔ میں، بیرسٹر ظفر اللہ صاحب، D.G. Housing Foundation اور جو تمام لوگ ہمارے ساتھ meetings میں تھے، ان سب کا شکر گزار ہوں کہ انہوں نے بڑی خوش اسلوبی سے معاملات کو آگے بڑھانے اور کسی طرح کا بھی use of force نہ کرنے کا اور مکمل تعاون کی یقین دہانی کرائی ہے۔ میں ایوان کو یقین دلاتا ہوں کہ میں چونکہ ان لوگوں کی نمائندگی بھی کرتا ہوں، ان کی دادرسی کی جائے گی، ان کی حق تلفی نہیں ہو گی۔ گورنمنٹ کبھی بھی اس کی سرپرستی اس انداز میں نہیں کرے گی کہ مقامی لوگوں کا حق لے کر دوسروں لوگوں کو دیا جائے۔ میں اس سلسلے میں ذاتی طور پر بھی کام کر رہا ہوں۔ ان شاء اللہ مقامی لوگوں کے ساتھ زیادتی نہیں ہو گی اور جبری طور پر قبضہ نہیں لیا جائے گا۔ شکریہ۔

Mr. Chairman: Thank you. The motion is talked out. We now move on to Order No. 29. Order No. 29 stands in the name of Senator Mohammad Azam Khan Swati.

Motion under Rule 218 moved by Senator Mohammad Azam Khan Swati regarding the Present Status of Telephone Industry of Pakistan (TIP) Established in Haripur

Senator Mohammad Azam Khan Swati: Thank you Mr. Chairman. I am hailing from Hazara Division. I am obliged and have the honour to represent this particular pertinent issue. I want to move that this House may discuss the present status of Telephone Industry of Pakistan (TIP) established in Haripur.

جناب چیئرمین: اس کا جواب کون دے رہا ہے؟ ٹھیک ہے آپ جواب دے رہی ہیں۔ جی سواتی صاحب بات کیجئیے۔

Senator Mohammad Azam Khan Swati

سینیٹر محمد اعظم خان سواتی: جناب چیئرمین! بنیادی طور پر TIP ایک State of the Art Industry تھی، جس نے پاکستان کی telephone industry کو ساری سہولیات مہیا کرنے میں بہت اہم کردار ادا کیا، 1952 میں ہری پور میں یہ زمین خریدی گئی تھی، اس وقت اس میں ہزاروں ملازمین تھے۔ ہماری state owned enterprises کی بدقسمتی ہے PIA, OGDC and Railways تباہ ہو گئی، ہم نے جب state owned enterprises کو اپنی ذات اور سیاسی مقاصد کے لیے استعمال کرنا چاہا تو ان اداروں کی تباہی ہوئی، بالکل ایسی ہی حالت Pakistan Telephone Industry کی ہوئی، یہ اس وقت State of the Art Industry تھی جب ہم اسکول اور کالج میں پڑھتے تھے۔ میں یہ نہیں کہوں گا کہ یہ اس حکومت کی لاپرواہی کی وجہ سے یا قابل قدر منسٹر صاحبہ کی وجہ سے ہوئی، یہ وقت کے ساتھ ساتھ ہوا، مختلف ادوار میں ایسا ہوا، خاص طور Science and Technology and I.T میں یہ انڈسٹری اپنی افادیت کھو گئی، اس میں supporting investment نہیں کی گئی کہ اسے ایک viable industry بنایا جا سکے۔ Tele Communication ملک میں اچھا کردار ادا کر رہی ہے۔ میں خیبر پختونخوا کے صوبے اور اس چھوٹے پسماندہ اکائی کی ترجمانی کرتے ہوئے کہوں گا کہ میرے سننے میں آیا ہے کہ شاید اسے PTCL یا اور کسی ادارے کی نذر کیا جا رہا ہے۔ میں سمجھتا ہوں کہ اس بوجھ کو

کسی طرح بھی حکومت یا کوئی ادارہ برداشت نہیں کر سکتا۔ میں یہ بات ان سارے خدشات کو سامنے رکھتے ہوئے کر رہا ہوں۔ میرے خیال میں کسی بھی انڈسٹری کی بنیادی قدر منافع بخش ہونا ضروری ہے۔ میں وزیر صاحبہ سے پوچھنا چاہتا ہوں کہ حکومت کا TIP کے تناظر میں آئندہ کا لائحہ عمل کیا ہے، وہ کیا کرنے جا رہی ہے تاکہ اس ہاؤس کو ensure کرایا جائے کہ حکومت اسے ایک اچھی انڈسٹری بنانے کے لیے کیا اقدامات کر رہی ہے اور اس علاقے کے لوگوں کے لیے کیا پیش رفت ہو رہی ہے جو کئی دہائیوں سے اس انڈسٹری سے منسلک ہیں۔ آنے والے ادوار میں ہمارے بارے میں یہ کہا جا سکے کہ ہاں جب TIP کے اس نظام کو wrap up کیا جا رہا تھا تو وہ ایک فائدہ مند انڈسٹری نہیں رہی تھی اور حکومت نے جو اقدام کیا اس میں ہماری زبان حکومت کے ساتھ تھی، ہمارا قدم ان کے ساتھ تھا۔ ہم نے اجتماعی طور پر ملکی افادیت کو دیکھنا ہے اگر ملک میں کوئی sick industry ہو تو اسے زندہ رکھنے کی لیے حکومت کون سا ایسا اقدام کرے کہ جس سے اس ملک کے اثاثے کا بہتر طور پر تحفظ ہو سکے۔ شکریہ۔

جناب چیئرمین: جی منسٹر صاحبہ۔

Ms. Anusha Rahman Ahmad Khan (Minister of State for IT)

محترمہ انوشہ رحمٰن احمد خان (وفاقی وزیر مملکت برائے انفارمیشن ٹیکنالوجی) شکریہ۔ جناب چیئرمین! میں فاضل ممبر کی شکر گزار ہوں کہ انہوں نے مجھے ایک مرتبہ پھر موقع دیا کہ میں floor پر TIP کے حوالے سے بات کر سکوں۔ فاضل ممبر کا concern اپنی جگہ پر درست ہے لیکن جیسے انہوں نے خود فرمایا کہ TIP کے legacy issues تھے اور یہ issues آج سے نہیں کئی دہائیوں سے TIP میں پنپ رہے تھے۔ میں سمجھتی ہوں کہ یہ کہنا پارلیمانی ہو گا کہ وہاں پر Mafia's بن چکے ہیں، پچھلے دو سالوں سے میں نے خود TIP کے معاملات کو اپنے ہاتھوں میں لیا کیونکہ وہاں پر financial embezzlement ہو رہی تھی، وہاں پر اپنے personal agendas کو pursue کرنے کا سلسلہ شروع ہو گیا تھا جیسے سواتی صاحب نے highlight کیا کہ وہاں جس قسم کا abuse ہو رہا تھا، اسے گورنمنٹ directly handle کرے۔

جناب چیئرمین! میں چند گزارشات آپ کے سامنے رکھنا چاہوں گی۔ جب PTCL کی privatization ہوئی تو TIP اس کا حصہ تھی، PTCL کے ساتھ ہی privatize ہو جانا چاہیے تھا، تقریباً ایک ہزار کنال زمین سے زیادہ PTCL کے نام allocate کی گئی اور کچھ زمین NRTC

کو اور 500 کنال سے زیادہ زمین TIP کے حصے میں آئی۔ اس وقت TIP نے گورنمنٹ کے decision کو challenge کیا اور کورٹ میں جاکر stay لے لیا۔ میں سمجھتی ہوں اس وقت TIP کے actual زوال کی بنیاد پڑی، یہ 2006 کی بات ہے۔ TIP کا زوال PTCL کی privatization کے ساتھ ساتھ چلنا شروع ہوا، modernization or Telecom Sector میں جو revolution آیا ہے، اس کے ثمرات اس لیے نہیں ملے کہ TIP ایک traditional and fixed line telephones بناتی تھی اور ابھی بھی وہی بناتی ہے۔ دنیا آگے بڑھتی چلی گئی اور دنیا mobiles کی دنیا میں convert ہو گئی جو ان کی بنیادی manufacturing کا کام تھا جو fixed line telephone تھا، اس کا PTCL major customer تھا۔ ان کی وہیں سے production کم ہونا شروع ہوئی۔ وہاں جب mafias build ہوئے تو ان کے interests کسی اور طرف پڑے۔ TIP کے Executives نے TIP کی ایک ہزار کنال کو housing scheme میں convert کر کے process کو بغیر follow کئے ہوئے اپنے نام پر کرنے کا طریقہ کار شروع کیا۔ میں نے اس کو NAB کے پاس inquiry کے لیے بھیجا اور TIP کے 6 Executives جیل کے سلاخوں کے پیچھے گئے، وہ لوگ اس وقت bail پر ہیں۔ انہوں نے وہاں پر یہ طریقہ کار نکالا ہوا ہے، میں آپ کے سامنے پہلے بھی یہ عرض کر چکی ہوں اور سینیٹ کی قائمہ کمیٹی اس process میں میرے ساتھ ساتھ چل رہی ہے اور قومی اسمبلی کی قائمہ کمیٹی بھی fully on board ہے۔ وہاں پر اچھے زمانے میں TIP نے اپنے employees welfare کے لیے چند schools and hospitals شروع کئے۔ Interestingly میں نے باقی اداروں میں دیکھا ہے کہ ملازمین کے بچوں کے لیے schools or hospitals run کرتے ہیں تو اس میں کچھ ملازمین بھی contribute کرتے ہیں لیکن TIP ایک ایسا ادارہ ہے، جہاں پر employee ایک پیسا contribute نہیں کر رہا۔ اس کے علاوہ TIP bulk meter تھا، وہ نہ صرف TIP کی factory کو بجلی فراہم کر رہا تھا اور ابھی تک یہ situation ہے لیکن میری اتنی effort کرنے کے بعد ایک meter ان کے نام پر جانے لگا ہے، میں نے جو کاوش کی ہے، وہ مکمل ہو رہی ہے۔ اس TIP کے bulk meter سے housing scheme کو بھی بجلی جا رہی تھی اور اس TIP کے bulk meter سے TIP کی residential

colony کو بھی بجلی جارہی تھی بلکہ کسر نہیں رہ گئی تھی کہ اس meter سے اسلام آباد کو بھی بجلی آنا شروع ہو جاتی۔

جناب! میں نے اس پر بہت سخت action لیا اور یہ جو کروڑوں روپے کے بجلی کے bills تھے، اب وہ تین یا چار لاکھ روپے پر آ گئے ہیں۔ حکومت نے ہر وہ action اٹھایا ہے، یقیناً اس bleeding organization میں financial irregularity ہے، اس کو block کرنے پر focus کیا۔ MD TIP کے نام پر جو bulk meter ہے اس کو ٹرانسفر کرنے کی کوشش کی، اسی طرح یہ سارے گھر PTCL کی زمین پر ہیں، schools ہیں یا hospitals ہیں اور bulk meter TIP run کر رہا ہے اور bill بھی pay کر رہا ہے جو آپ کے pay کئے ہوئے tax سے pay ہو رہا تھا۔ ان کی collection کا mechanism, I would say کہ اتنا irregular تھا کہ آدھے سے زیادہ پیسے recover ہی نہیں ہوتے تھے، صرف liabilities accrue ہو رہی ہیں کہ ہماری جو financial statement ہے، اس میں ایک liability accrue کی ہوئی ہے، کسی کے نام پر کئی ہوئی ہے، کروڑوں روپے receivable show ہو رہا ہے۔ میں سمجھتی ہوں کہ کئی دہائیوں سے جو کام نہیں ہوا تھا، یہ کام آ کر میرے کندھے پر گرا اور میں نے کوشش کی کہ میں ٹھیک طریقے سے handle کروں۔ آج situation یہ ہے کہ 67 cases ہیں جو TIP کے مختلف employees نے حکومت پر کئے ہوئے ہیں، Supreme Court میں ہیں، High Court میں ہیں، NIRC میں ہیں اور lower courts میں ہیں۔ ہم ادھر action لیتے ہیں ادھر کیس ہو جاتا ہے، میں سمجھتی ہوں کہ abuse of law کی TIP میں ایک بہترین مثال ہے، یہ میرے سامنے ہے کہ اگر کسی ملازم کو show cause بھی issue کیا جاتا ہے تو وہ جا کر courts سے stay لے لیتا ہے۔ آپ وہاں پر ایک بھی کام کرنے کی کوشش کریں اور آپ مجھے وہ کام ہوتا ہوا دکھا دیں کیونکہ اگلے دن ایک stay order ہمارے سامنے کھڑا ہو تا ہے۔ اس وقت ہم courts میں ان سارے stay orders کو aggressively address بھی کر رہے ہیں، handle بھی کر رہے ہیں، ہر روز وہاں پر issues ہیں، ہم جن کو resolve کرنے کی کوشش بھی کرتے ہیں، وہ اس پر ایک stay order لے آتے ہیں کہ ہم کسی طرح رک جائیں۔

جناب! PTCL کی ایک ہزار کنال سے زیادہ جگہ ہے جو 2004 میں PTCL کو transfer ہوئی تھی، اس پر 2014 تک stay order چلا۔ ہم نے پوری sifting کی تو ہمیں پتہ چلا کہ یہ زمین PTCL کے نام حکومت transfer کر چکی ہے تو TIP کس طرح حکومت کے کئے ہوئے فیصلے کو challenge کر سکتی ہے۔ ہم پر جو frivolous litigation تھی، اس کو management level پر drop کیا، جہاں جہاں minimize کر سکتی تھی، میں نے کیا اور اب PTCL کے ذمہ وہ schools and hospitals ہیں۔ سینیٹ کی قائمہ کمیٹی شاہی سید صاحب کی سربراہی میں regularly monitor کرتی ہے، ہم وہاں پر جو بھی کام کر رہے ہیں۔ اب PTCL ان schools and hospitals کو run کرنا چاہتا ہے۔ آپ جن ملازمین کے حوالے سے بات کر رہے ہیں، وہ court میں چلے گئے ہیں کہ PTCL کون ہے، وہ manage کرے، PTCL کی جگہ پر ہیں ، اس کو حکومت manage کرے، کیوں؟ نہ schools کی fee کا کوئی record ہے، نہ hospitals کی دوائیوں کا کوئی record ہے، نہ پتا چلتا ہے کہ جب وہ fee لی گئی تو وہ کس کو دی گئی، کتنے پیسے receive ہوئے، کتنے پیسے گئے۔ یہ سب colony Board کے garb میں یہ تمام طریقہ کار چل رہا تھا، میں نے جس کو break in کیا، again I would say abuse of the process of law, 67 cases courts میں ہیں۔ میں نے جس طرح عرض کیا کہ میں handle کر رہی ہوں۔

جناب! جی ہاں political interventions بہت تھیں، اس وجہ سے TIP کا مسئلہ حل نہیں ہو سکا۔ یہ ادارہ ایوب خان کے زمانے میں بنا، اور ان کی family اس کی سرپرستی ضرور کرتی رہی، درست یا غلط اس کی detail میں جائے بغیر جو چیزیں آج کے معروضی حالات میں درست ہیں، ہم ان کو کر رہے ہیں۔ آگے جاتے ہوئے، یہ privatization list پر موجود ہے۔ ہم یہ سمجھتے ہیں کہ حکومت کی Telecom sector کی جو پالیسی ہے جو ہم نے 2004 and 2015 میں دی، اس پالیسی کے حساب سے Telecom sector ایک deregulated sector ہے۔ حکومت کا کام نہیں ہے کہ وہ manufacturing میں جائے، حکومت کا کام نہیں ہے کہ وہ privatized or deregulated environment میں یہ activities کرے، this is a competition based exercise, یہ چیزیں

competitionمانگتی ہیں تب energyآتی ہے۔ میری فاضل رکن سے عرض ہو گی کہ وہ خود اس علاقے سے تعلق رکھتے ہیں، وہ بے شک ہمارے ساتھ بیٹھیں، ہمیں ideasدیں اور ہمیں بتائیں کہ ہم آگے جا کر یہ جو mafiasہیں، ان کو کیسے curtailکریں اور جو صحیح مزدور طبقہ ہے، شاید ان کو وہ فوائد نہیں ملتے رہے جو کچھ حکومت دیتی رہی ہے۔ میں یہ بھی آپ کے سامنے رکھتی ہوں کہ یہ بات ہمارے سامنے آئی ہے کہ واقعی جو مزدور ہیں، ان کو لوگوں نے فائدہ نہیں دیا۔ انہوں نے خود plotsآپس میں بانٹے اور خود ہی سارے فوائد حاصل کئے، وہ چند لوگوں نے لئے جواب NABکی inquiriesبھگت رہے ہیں ۔میں نے نیب کو جو inquiriesبھجوائی ہیں، میں خود ان کو pursueکر رہی ہوں، becauseمیں یہ چاہتی ہوں کہ یہ جو ایک ہزار کنال حکومت کی زمین ہے، for exampleیہ کسی Housing Societyمیں نہیں جانی چاہیے۔آپ کے دیے ہوئے taxسے، TIPکے bulk meterسے کسی کے گھر کا بجلی کا bill payہونا کوئی درست بات نہیں ہے۔ میں نے گیس اور بجلی کے metersالگ کروائے ہیں اور courtsکی طرف سے جتنی بھی resistancesہیں وہاں جا کر ہم نے اپنا مدعا پیش کیا ہے۔ میری تو آپ سے یہی گزارش ہو گی کہ اس کو حل کرنے میں میرا ساتھ دیں۔ میرے حساب سے privatizationہی اس کا way forwardہے۔بہت شکریہ۔

Mr. Chairman: The Motion has been talked out. We now move on to Order No. 30. Order No. 30 stands in the name of Senator Rahila Magsi, she is not present and the Motion stands dropped. We move to Order No. 31,

چوہدری صاحب یہ جتنے Rulesہیں ان کو پہلے ہم House businessمیں vetکرتے ہیں تو اس کو میں House Business Committeeمیں بھیج رہا ہوں، آپ وہاں پر تشریف لے آئیں۔ Order No. 31 stands referred to the House Business Committee. We move on to Order No. 34, Order No. 34 stands in the name of Senator Sardar Muhammad Azam Khan Musakhel, سینیٹر سردار محمد اعظم خان موسیٰ خیل نے یہ question raiseکیا تھا جی وزیر برائے پانی و بجلی۔

جناب عابد شیر علی (وزیر مملکت برائے پانی و بجلی): چیئرمین صاحب میں ابھی آیا ہوں، ابھی fileلی ہے۔ آپ اگر تھوڑاtimeدے دیں۔

Mr. Chairman: Order No. 25, Senator Farhatullah Babar and Senator Muhammad Usman Khan Kakar.

Motion under Rule 218 moved by Senator Farhat Ullah Babar Regarding Mysterious Disappearances and Reappearance of Bloggers in the Country

Senator Farhatullah Babar:Than you Mr. Chairman, I wish to move that this House may discuss the recent mysterious disappearance and re-appearance of some bloggers in Islamabad and other parts of the country.

جناب چیئرمین: جی بات کریں۔

Senator Farhatullah Babar

سینیٹر فرحت اللہ بابر: جناب! چند ہفتے پہلے، اسلام آباد، لاہور اور دیگر شہروں سے پانچ bloggersلاپتا ہو گئے تھے۔ اس وقت جب شور ہوا اور آواز اٹھائی گئی تو حکومت نے یہ یقین دہانی کروائی تھی کہ ہم انbloggersکو تلاش کریں گے، and that appropriate action will be taken. جناب چیئرمین! اس کے چند ہفتوں کے بعد ان میں سے 4 bloggersrecoverہو گئے ہیں۔ ایک ابھی تک بازیاب نہیں ہوا۔

میں آپ کی وساطت سے اس ایوان کے سامنے دو چیزیں رکھنا چاہتا ہوں۔ ایک تو یہ کہ جب بلاگرز جو لاپتہ تھے اور واپس آ گئے ہیں، حکومت نے اس کے بعد کوئی اقدام نہیں کیا کہ یہ پتہ چلے کہ ان کو اٹھانے والے کون تھے اور انہیں اٹھانے کی کیا وجوہات تھیں، کن حالات کے تحت انہیں اٹھایا گیا اور کن حالات کے تحت انہیں ان کے گھروں میں واپس بھیجا گیا۔ نہ صرف حکومت نے کوئی بیان نہیں دیا بلکہ سکیورٹی کے ادارے جو اس کام پر معمور تھے انہوں نے بھی کوئی حرکت نہیں کی۔ بلاگرز کی familiesاور خود بلاگرز نے کہا کہ ہم اس پر بات نہیں کرنا چاہتے۔ The picture which is emergingکہ کوئی دیومالائی قوت ہے، کوئی غیر مرئی قوت ہے اور چاروں طرف خوف اتنا ہے کہ نہ وہ خاندان والے بات کرتے ہیں، نہ وزیر داخلہ صاحب بات کرتے ہیں، نہ پولیس اور سکیورٹی

کے ادارے بات کرتے ہیں۔اس کا مطلب یہ ہے کہ a new trend is emerging in the country.

یہ جو پانچ بلاگرز تھے they were known to criticize the State اور security policies. So the new trend that is emerging is جب یہ لاپتہ ہوگئے تو یک دم social media پر ایک طوفان سا کھڑا ہوا اور یہ کہا گیا کہ they are blasphemers ان پر blasphemy کا الزام لگایا گیا۔کچھ pages دکھائے گئے.which were of course blasphemous لیکن کسی نے یہ معلوم کرنے کی کوشش نہیں کی کہ کیا واقعی یہ pages ان کے تھے because اگر blasphemous ہے material it must be pursued and punished under the law.

جناب چیئرمین، میں جو چیز دیکھ رہا ہوں وہ یہ ہے کہ اس ملک میں بدقسمتی سے جو لوگ State security polices کو criticize کریں گے ان کو ایک پیغام دیا گیا ہے اور وہ پیغام یہ ہے کہ اگر تم راہ راست پر نہیں آئے تو تم لاپتہ ہو جاؤ گے اور یہ پیغام دیا گیا ہے کہ اگر لاپتہ نہیں بھی ہوئے تو تمھارے خلاف ایک ایسی مہم چلائی جائے گی کہ you will be totally exposed کیونکہ آپ جس پر blasphemy کا الزام لگادیں تو this is a declared death sentence.

جناب چیئرمین! میری تجویز یہ ہے کہ چونکہ چار بلاگرز واپس آ گئے ہیں ،سکیورٹی کے ادارے اور پولیس ناکام ہوگئے ہیں کہ ان سے معلومات حاصل کر سکیں، کم از کم اتنا تو پتا چلے کہ ان کو اٹھانے والے کون تھے، وہ کون سی غیر مرئی طاقت تھی جو ان کو اٹھا کر لے گئی اور پھر ان کو واپس لے آئے۔اگر جناب یہ ریاست کے ادارے نہیں کر سکتے تو کیا یہ ممکن نہیں ہے کہ یہ پارلیمان اپنا کردار ادا کرے۔I can understand, I can see کہ پولیس والوں کو بھی خوف ہے، دوسرے اداروں کو بھی خوف ہوگا اور اگر ریاست کے تمام اداروں کو خوف ہے تو میں سمجھتا ہوں کہ جناب اس پارلیمان اور اس سینیٹ کو اپنا کردار ادا کرنا چاہیے۔Let us take the lead.اس معاملے کو appropriate Committee کے سپرد کیا جائے۔ Appropriate Committee ان لوگوں کو بلائے اور جب یہ نہیں آئیں گے تو بات وہاں سے آگے چلے گی کہ کس

نے ان کو روکا، یہ کیوں نہیں آ رہے، کیا وجوہات ہیں اور اگر یہ خود نہ آنا چاہیں supposing نہیں آ سکتے I would suggest کہ جس کمیٹی کو آپ یہ بھجوائیں وہ ایک Sub-Committee بنائے اور وہ Sub-Committee خود ان کے گھر جا کر visit کرے۔ اس سے پولیس اور وہ ادارے جن کا یہ کام ہے انہیں بھی تقویت ملے گی، پارلیمان بھی اپنا کردار ادا کرے گی اور جو aggrieved families ہیں ان کی بھی ڈھارس بندھ جائے گی اور ہو سکتا ہے کہ آئندہ کے لیے ایسے واقعات میں کمی آ جائے۔ ختم تو بالکل بھی نہیں ہوں گے لیکن شاید کمی آ جائے لیکن آج اگر ہم اور یہ پارلیمان خاموش رہا اور یہ پارلیمان ہی آخری امید ہے، اگر یہ خاموش رہا تو پھر ایک نیا trend establish ہو جائے گا، لوگوں کو لاپتہ کرو، اتنا خوف زدہ کرو کہ وہ خود بات ہی نہ کریں اور ان کو لاپتہ کرنے سے پہلے ان کے خلاف بغیر کسی ثبوت کے ایسی مہم چلاؤ کہ they are sentenced to death already.

جناب! میں آپ کے سامنے تو صرف یہ حقائق رکھ سکتا ہوں، فیصلہ آپ کا ہے، میری گزارش ہے کہ اسے concerned Committee کے سپرد کیا جائے اور اس کے terms of reference میں یہ ہو کہ وہ ان لاپتہ افراد، ان کے غائب ہونے، ان کے دوبارہ نمودار ہونے میں، ان کی وجوہات معلوم کرنے کی کوشش کرے اور اس پارلیمان کو اس سے آگاہ کرے۔ Nothing more than that, I am not criticizing, I am not finger pointing any institution, absolutely not. But at least I want the Parliament should play a role to find out as to what happened? Otherwise, Mr. Chairman this can happen to anybody and then there will be dead silence and I tell you Mr. Chairman کہ اگر آج یہ آواز نہ اٹھائی گئی اور یہ مطالبہ نہ کیا گیا تو کل کو کسی کے ساتھ بھی اس طرح ہو سکتا ہے and it will not come to an end. شکریہ۔

جناب چیئرمین: شکریہ۔ سینیٹر محمد عثمان خان کاکڑ صاحب۔

Senator Muhammad Usman Khan Kakar

سینیٹر محمد عثمان خان کاکڑ: شکریہ، جناب چیئرمین! پراسرار گمشدگی اور پھر بازیابی یہ بہت اہم مسئلہ ہے۔ بعض لوگ تو اب بھی گمشدہ ہیں۔ اس ملک کے Capital اسلام آباد میں یہ ہو رہا ہے، ملک

کے باقی شہروں میں کیا حالت ہو گی، وہ بھی ہمیں اور پارلیمنٹ کو معلوم ہے۔ ہم سب کو معلوم ہے کہ بلوچستان، خیبر پختونخوااور سندھ سے وقتاً فوقتاً لوگوں کو اغوا کیا جاتا ہے، وہ لاپتا ہو جاتے ہیں، بعض کی لاشیں ویرانے میں پڑی ہوتی ہیں، بعض ابھی تک غائب ہیں، بعض بازیاب ہو جاتے ہیں تو یہ سلسلہ اب اسلام آباد تک پہنچ چکا ہے جو سارے ملک کے لیے، خاص طور پر Parliamentarians کے لیے اور democratic کارکنان کے لیے بہت تشویشناک ہے۔

جناب چیئرمین! ملک میں آئین اور قانون کی بالادستی ہونی چاہیے۔ بدقسمتی سے آئین اور قانون کی بالادستی نہیں ہے جو اس ایوان کی ذمہ داری بنتی ہے کہ وہ ہر حالت میں ملک میں قانون اور آئین کی بالادستی کے لیے محنت کرے۔ موجودہ حکومت کے ذریعے اس بات پر زور دے کہ ملک کے سارے ادارے قانون اور آئین کی بالادستی کو مقدم سمجھیں، عملی طور پر قانون اور آئین کی پابندی ہونی چاہیے جو نہیں ہے۔ اس کی واضح مثال یہ بلاگرز ہیں جو اغوا ہوئے، یہاں پر وزیر داخلہ صاحب نے بیان دیا کہ ہمیں معلوم ہے، وہ گھر آ جائیں گے تو انہیں واپس آنا چاہیے۔ جب آپ کو معلوم تھا کہ وہ آ جائیں گے تو وہ کون تھے جو انہیں لے گئے تھے۔ آج کل میڈیا اور سوشل میڈیا پر سیاستدانوں، پارلیمنٹیرینز، سول سوسائٹی، جمہوری لوگوں اور progressive لوگوں کی مسلسل کردار کشی ہو رہی ہے۔ انہیں اس طرح کے عمل کے ذریعے خوف زدہ کر رہے ہیں۔ میں تو یہ کہتا ہوں کہ اگر کسی کے خلاف کوئی case، کوئی مسئلہ یا کوئی ثبوت ہے تو آئین اور قانون کے مطابق اس کے خلاف مقدمہ درج کر لیں۔ ملک میں عدالتیں ہیں، ججز ہیں، ان کے خلاف مقدمہ درج کر کے اسے گرفتار کریں اور عدالت کے سامنے پیش کر دیں۔ ہمارے یہاں ایسی عدالتیں ہیں جنہوں نے وزیر اعظم کو بھی اپنے گھر بھیجا ہے، لہٰذا اس طرز کا کام وہ لوگ کر رہے ہیں جو طاقتور ہیں لیکن نظر نہیں آ رہے ہیں۔ وہ پارلیمنٹ سے بھی طاقتور ہیں، حکومت سے بھی طاقتور ہیں، پولیس سے بھی طاقتور ہیں اور عدالتوں سے بھی طاقتور ہیں۔ یہ کون ہیں؟ عوام اس کی وضاحت چاہتے ہیں۔ یہ پارلیمنٹ اس مسئلے پر وضاحت چاہتی ہے۔ اس کی روک تھام ہر حالت میں ہونی چاہیے۔ وزارتِ داخلہ کو ہر حالت میں صحیح حقائق سینیٹ میں پیش کرنے چاہییں۔ اس کے بغیر نہ ہم مطمئن ہو سکتے ہیں، نہ ہمارے عوام مطمئن ہو سکتے ہیں، نہ پارلیمنٹ مطمئن ہو سکتی ہے۔

یہاں سوشل میڈیا پر سیاستدانوں کو ان لوگوں نے نہیں بخشا، حتیٰ کہ ججز کو بھی نہیں بخش رہے، دیگر لوگوں کو نہیں بخش رہے۔ لہٰذا، یہ رجحان بہت خطرناک ہے۔ آج کل تو سائبر کرائمز کے

حوالے سے بھی قانون بنا ہے، اس سال بنا ہے، اس قانون کے تحت آپ trace کر سکتے ہیں اگر کوئی غیر آئینی یا غیر قانونی کام کرتا ہے، اس کو غلط استعمال کر رہے ہیں، اس کے مطابق اسے trace کر کے عدالت میں لے آؤ، اس کے خلاف مقدمہ بناؤ مگر مسلسل خوف وہراس پیدا کیا جاتا ہے جس کا نتیجہ یہ ہو گا کہ کل کوئی پارلیمنٹ کی بالادستی کی بات نہیں کر سکے گا، جمہوریت کی بالادستی کی بات نہیں کر سکے گا، آئین و قانون کی بالادستی کی بات نہیں کر سکے گا، اپنے ضمیر کے مطابق اپنے خیالات کا اظہار نہیں کر سکے گا۔ یہ بہت زیادتی ہو گی۔ یہاں پر واضح بات ہونی چاہیے، وضاحت ہونی چاہیے۔ اس معاملے کو آپ متعلقہ کمیٹی کے پاس بھجوادیں کہ اس کی interrogation کر دیں۔ یہی میری گزارش ہے۔

جناب چیئرمین: شکریہ۔ مشہدی صاحب۔

Senator Col. (R) Syed Tahir Hussain Mashhadi

Senator Col. (R) Syed Tahir Hussain Mashhadi: Mr. Chairman, thank you very much. We are discussing a matter of utmost national importance, a matter of our basic human fundamental rights, a matter of conscience, a matter of integrity, of decency, of law. Some people have been picked up lately. Nobody can object the picking of people; I don't object but it must be done in accordance with the law of the land. I have no objection to them being held as long as the due process of law is carried out.

Whatever Senator Farhatullah Babar and Senator Kakar has said, anybody who has the slightest inclination or love for democracy, for decency, for justice cannot but agree with every word they have spoken, so I will not repeat what they have said. I own and I accept all their words just to save time.

This curse of missing persons is something that we have begun to accept. The unfortunate part of it is that Pakistan is becoming an acceptance society.

جو ظلم ہو گا، جو بھی قانون کی دھجیاں اڑائی جائیں گی، جب might is right کا ماحول ہو گا
تو لوگ خاموش ہوں گے مگر لوگوں کی خاموشی بھی بولتی ہے۔

Silence has a lot to say and we must understand that silence. There has to be a distinct difference between law enforcers and law breakers. You cannot enforce the law by breaking the law. You cannot wipe out crime by committing a crime. You cannot remove terrorism by terrorizing. It has to be done with love, it has to be done with understanding, it has to be done in accordance with the law, in accordance with the Constitution of Pakistan. If we don't live by the Constitution of Pakistan, we will become a banana republic and we will become a banana republic of the worst order because we are a very big country; we are not a small little country which can be a banana republic. We have very powerful people at stake.

The people who are being picked up, these so called bloggers what we are talking about, they are the ones who have been advocating what the Quaid-e-Azam did. So, Quaid-i-Azam would have been picked up خدانخواستہ in Pakistan because they go for the progressive, liberal, tolerant, modern and democratic; these are Quaid-e-Azam's words, not my words, they go for that narrative of Pakistan which was the real narrative of Pakistan. People who say we belong to Daish are not picked up. People who say that the brave soldiers of Pak Army who are butchered by these barbarians and barbaric hoards are not *shaheeds,* are not picked up but people who advocate, who try to speak of the right narrative and narrative of decency, a narrative of tolerance are picked

up which is something that is unacceptable even in our society which has become a society of acceptance. We accept all that the Governments dish out on us. We make laws for terrorists and this Government or the Governments in power, they utilize them to use against elected Senators, elected MNAs and elected MPAs and nobody speaks, nobody mentions anything.

A nation or a people that do not speak for their rights or do not protect their rights, lose them very quickly. This is a lesson of history and once they lose them, they are gone with the wind. There is nothing they can do to retain their basic rights. This is a subject which requires to be thoroughly debated, to be thoroughly understood as to what is happening, who is doing it, why are they doing it, why are there hundreds and hundreds of missing persons in Balochistan. Why are there 162 missing persons in Karachi? Why these four or five bloggers are suddenly picked up and emerged and they do not speak. Sir, a human being is the only animal who can be frightened into cowardice, into not speaking; no other animal can be frightened in the manner than the human mind or the human being can be and they are being frightened. What are they frightened of? Are they frightened of this great nation of ours? Are they frightened of our beloved Government? Are they frightened of our Constitution? Are they frightened of our laws? If our laws are so defective, they should be changed and we should be studying the ways and means of changing them.

So, I have only to condemn such incidents which are happening. Just think of the misery, the uncertainty,

the height of human suffering the family suffers. If they are criminals, hang them after due process of law. If they are criminals, do anything you want to do with them but follow the due process of law under the Constitution of Pakistan. Sir, I also urge you being the custodian of this august House and the House of the Federation, the Federation of Pakistan might be threatened, the very existence, the solidarity, the unity which is so necessary to take this great nation forward might suffer unless this matter is discussed threadbare. So I also urge you sir that send it to the committee or form a special committee, you have done so much, may be for so little but at least we are trying and let us also discuss this in threadbare. Thank you.

جناب چیئرمین: نہال ہاشمی صاحب۔

Senator Nehal Hashmi

سینیٹر نہال ہاشمی: بسم اللہ الرحمٰن الرحیم۔ شکریہ، جناب چیئرمین! میں سمجھتا ہوں کہ صحیح وقت پر، صحیح موضوع پر یہ discussion کی جارہی ہے، فرحت اللہ بابر صاحب نے صحیح اقدام اور صحیح directions پر بات شروع کی۔ مجھے یاد ہے جب یہ معاملات شروع ہوئے تو کافی لوگوں نے اس پر بات چیت کی، میں بڑا حیران و پریشان تھا کہ یہ لوگ کون ہیں جن کے لیے اس انداز میں گفتگو کی جارہی ہے؟ جب USA, UK, India اور بے شمار دوسرے ممالک نے بھی اس پر بڑی تشویش کا اظہار کیا لیکن میں آپ کو خراج تحسین پیش کرتا ہوں، آپ نے اپنے ایک بیان میں کہا تھا کہ امریکہ کو bloggers تو نظر آتے ہیں، ان کے بارے میں یہ discuss کرنے والے کون ہوتے ہیں لیکن ہمارے جو لوگ شہید ہو جاتے ہیں، ہمارے لوگوں کے ساتھ جو ظلم ہوتا ہے، امریکہ کو یہ نظر نہیں آتا ہے۔ فلسطین میں جو کچھ ہو رہا ہے، امریکہ کو وہ نظر نہیں آتا، کشمیر میں جو کچھ ہو رہا ہے، امریکہ کو وہ نظر نہیں آتا،

not only me the entire House salute you sir for this.

جناب چیئرمین! ہم نے اچھی، جامع اور مدلل باتیں سنیں۔ یہ مختلف چیز ہے، missing persons الگ ہیں، terrorists الگ ہیں، ہمیں انہیں ایک دوسرے کے ساتھ mix up نہیں کرنا چاہیے۔ یہ bloggers الگ ہیں، bloggers کا ان کے ساتھ کوئی تعلق نہیں ہے اور ان کا bloggers کے ساتھ کوئی تعلق نہیں ہے۔ یہ bloggers یا ایسے کچھ اور لوگ جو شاید ننگی جارحیت کرنے والے لوگوں سے کئی مقامات پر زیادہ dangerous ہیں۔ میں کم از کم اس ایوان میں کھڑے ہو کر وزارت داخلہ اور چوہدری نثار کو appreciate کروں گا، چوہدری نثار صاحب نے ایک اچھا کام کیا کہ جب لوگ missing ہوتے ہیں، ماضی کی حکومتوں میں سالوں missing رہے، آپ دیکھیں کہ لوگ دو دو، تین تین، چار چار سالوں سے missing رہے۔ ہمارے ساتھ سپریم کورٹ ہے، میں نے اس سپریم کورٹ میں کوہاٹ کی ایک ایسی ماں کو بھی دیکھا جس کا بیٹا تین سالوں سے missing تھا، جب اس کے بیٹے کو لا کر ملوایا گیا تو اس کے دو دن بعد وہ ماں اس دنیا سے چلی گئی، ایسے بہت خوفناک واقعات ہوتے رہے اور 2000 سے لے کر آج تک ہوتے رہے ہیں لیکن یہ زیادہ تر 2010 اور 2015 تک بہت زیادہ ہوئے۔

جناب والا! اس کے علاوہ اور بڑے دہشت گرد لوگ ہیں، وہ دہشت گرد بظاہر دہشت گرد نہیں ہیں، ان کی قلم، قلم کے بارے میں کہتے ہیں کہ ملک و قوم کی تقدیر بدل دیتی ہے لیکن کل ایک صاحب نے 'Washington Post' میں پاکستان کے خلاف لکھا، شاید پیپلز پارٹی کی اُس وقت کی حکومت کے خلاف ایک بڑی سازش تیار کی گئی کہ جب اُس وقت کا ambassador یہ کہتا ہے کہ ہماری حکومت اور امریکہ کی حکومت کے بیچ میں، میں facilitator تھا کہ پاکستان میں کس طرح CIA کو facilitate کیا گیا، کس طرح CIA کو یہ اجازت دی گئی کہ وہ ایبٹ آباد میں operation کرے، پاکستان میں اسامہ بن لادن کے خلاف operation کرے۔ کوئی مقام اور موقع ہونا چاہیے جہاں کوئی stop تو ہو کہ جو لوگ پاکستان کے defence and security کو discuss کرتے ہیں، defence and security کو discuss کرنے کے لیے Parliament موجود ہے، یہ لوگ کون ہیں جو کبھی bloggers کی شکل میں آ جاتے ہیں، کبھی 'Washington Post' کی شکل میں آ جاتے ہیں، پاکستان کی حکومت کو بدنام کرتے ہیں، پاکستان کی سیاسی پارٹیوں کو بدنام کرتے ہیں، پاکستان کے عوام کو بدنام کرتے ہیں۔ ہمیں اس طرف بھی دیکھنا چاہیے کہ حسین حقانی

type کے لوگ کس کے ایما پر کام کر رہے ہیں۔ ٹھیک ہے bloggers کے بنیادی انسانی حقوق ہیں لیکن پورا پاکستان بھی aggrieved ہے، جب کوئی شخص پاکستان کی security policy کو discuss کرے اور نہ جانے کس کے ایما پر discuss کر رہا ہو؟ جب کوئی شخص پورے پاکستان کو دنیا بھر میں بدنام کرنے کی کوشش کرے تو پھر ہمیں اس جانب بھی توجہ دینی چاہیے، سوچنا چاہیے۔ اس کو ہمیں Parliament میں discuss کرنا چاہیے۔

جناب چیئرمین! اس کے بعد ideologies کی بات ہوتی ہے، ایک اچھا fashion ہے، بہانہ بن گیا ہے کہ پاکستان پر کہیں نہ کہیں، کسی نہ کسی حوالے سے تنقید کی جائے۔ ہم اس ایوان میں بیٹھ کر in camera trial میں اپنی law enforcing agencies کو discuss کرتے ہیں لیکن ہم اس بات کی اجازت نہیں دیں گے کہ کوئی شخص Washington میں بیٹھ کر، کوئی New York میں بیٹھ کر، کوئی New Delhi میں بیٹھ کر پاکستان کی فوج اور ISI کو discuss کرے۔ ہم اس بات کی اجازت نہیں دیں گے کہ کوئی bloggers social media میں پاکستان کی nuclear policy کو discuss کرے، کوئی blogger پاکستان کی defence strategy کو discuss کرے، اس بات کی اجازت نہیں ہو گی۔ اس بات کی بھی اجازت نہیں دی جا سکتی کہ پاکستان کی ideologies کو، پاکستان کے سماج کو، پاکستان کے معاشرے کو، پاکستان کی عورتوں اور بچوں کو New Delhi سے لے کر New York تک discuss کیا جائے۔ ٹھیک ہے آزادی ہے، بالکل آزادی ہے، ایک parameter ہوتا ہے، کیا کسی کو یہ ہمت ہے کہ وہ ہندوستان میں بیٹھ کر ہندوستان کی RAW کے خلاف بات کرے؟ ہندوستان کی فوج کی policy کو وہ لوگ discuss کریں؟ ایسا نہیں ہو سکتا۔ ہمیں نئی سمت میں جانا چاہیے۔ پورے پاکستان کے لوگ aggrieved ہیں، اس طرح کی حرکتوں کی وجہ سے پورا پاکستان suffer کر رہا ہے۔

اس ملک میں ساٹھ ہزار لوگ شہید ہو چکے ہیں کیونکہ ہم کئی جگہوں پر جاتے ہیں اور کہتے ہیں کہ نہیں یہ اس کا سیاسی حق ہے، یہ اس کا بنیادی حق ہے، ایک parameter ہونا چاہیے کہ ہمارے کیا بنیادی حقوق ہیں، ہماری limits کیا ہیں، ہم کتنی limit سے آگے نہیں جا سکتے؟ فرحت اللہ بابر صاحب نے بہت اچھا کام کیا ہے۔ جو لوگ پاکستان سے باہر پاکستان کے بارے میں، پاکستان کے اداروں

کے بارے میں غلط رائے رکھتے ہیں، ان کا بھی احتساب ہونا چاہیے اور اسے کمیٹی کو refer کرنا چاہیے، ایک mechanism بنانا چاہیے۔ میں اس بات کی اجازت کسی کو نہیں دیتا کہ پاکستان کے کسی شہری کو کوئی اٹھا کر گرفت میں لے لے، گرفتار کرے، undeclared رکھے، اس بات کی بھی اجازت نہیں ہے لیکن اس بات کی بھی کسی کو اجازت نہیں ہے کہ پاکستان کے نظریات پر، پاکستان کے اثاثوں پر اور پاکستان کے اداروں پر کوئی آدمی یا کوئی group حملہ آور ہو۔

پیپلز پارٹی کے دوستوں نے اس کی وضاحت کی ہو گی ورنہ یہ ایک سوالیہ نشان ہے کہ پاکستان کی sovereignty پر حملہ کیا گیا۔ یہ سازش Washington میں تیار کی گئی اور سازش تیار کرنے والا پاکستان کا ambassador تھا جس نے یہاں CIA کو launch کروایا اور پورے پاکستان کو بدنام کروایا کہ یہاں terrorists کی آماجگاہ ہیں، ہم نے اسامہ بن لادن کو یہاں پناہ دی اور کئی بار یہ تاثر دیا گیا کہ شاید پورا پاکستان جیسے دہشت گردوں کی آماجگاہ ہے۔ یہ بات بھی لمحہ فکریہ ہے کہ اس طرح کے articles اور اس طرح کے لوگ جن کے ماضی داغ دار رہے ہوں، جو پاکستان کے اداروں کو داغ دار کر رہا ہے، پاکستان کی ریاست کو داغ دار کر رہا ہے۔ ہمیں کوئی بھی فیصلہ کرنے سے پہلے بہت سوچ سمجھ سے کام لینا ہو گا۔ آج قوم آصف علی زرداری صاحب سے سوال پوچھے گی کہ آپ بتائیں کہ حسین حقانی نے یہ کام کس کے ایما پر کیا ہے؟ آج قوم پوچھے گی، آج لوگ سوال اٹھائیں گے کہ کیا پاکستان کو چند سکوں کے عوض بیچ دیا گیا تھا؟ آج قوم یہ پوچھنے کا حق رکھتی ہے کہ جناب Raymond Davis کا واقعہ کیا تھا؟ آج قوم اس article کو دیکھنے کے بعد اس بات کا بھی حق رکھتی ہے کہ ہم نے امریکہ سے کیا مراعات حاصل کی تھیں؟

جناب والا! ماضی میں جو ہو چکا، وہ ہو چکا، اب ہمیں ہوش کے ناخن لینے چاہییں اور کوئی بھی جذباتی فیصلہ نہیں کرنا چاہیے۔ ہم یقیناً آئین اور قانون کی بات تو کرتے ہیں لیکن جب اپنی باری آتی ہے تو ہم آئین بھی بھول جاتے ہیں، پاکستان کو بھی بھول جاتے ہیں اور صرف اپنے آپ کو، اپنے گروہ اور اپنی پارٹی کے بارے میں سوچتے ہیں۔ وقت آ گیا ہے اور ہمیں سوچنا پڑے گا اور differentiate کرنا پڑے گا کہ لوگوں کی disappearance کے بارے میں ایک اور رائے ہونی چاہیے اور جو لوگ پاکستان کے نظریات پر حملہ کرتے ہیں، یہ الگ چیز ہے۔ یقیناً یہ Parliament کی ذمہ داری ہے لیکن پارلیمنٹ تھانیدار نہیں ہے کہ ہم ہر کسی کی تھانیداری کر سکیں، ہمارا جو کام ہے ہمیں وہ ضرور کرنا

چاہیے اور اسے select committee کے پاس جانا چاہیے تاکہ آئندہ کے لیے ایک لائحہ عمل طے کیا جائے۔ شکریہ۔

جناب چیئرمین: جی فاضل وزیر صاحب۔

Statement by Mr. Muhammad Baligh Ur Rehman, Minister of State for Interior and Narcotics Control

جناب محمد بلیغ الرحمٰن (وزیر مملکت برائے داخلہ امور): جناب چیئرمین! آج discussion کے لیے جو motion یہاں پر لایا گیا ہے اس میں فرحت اللہ بابر صاحب اور عثمان کاکڑ صاحب نے بہت valid باتیں پیش کی ہیں۔ اگرچہ میں تمام چیزوں سے agree نہیں کر سکتا لیکن بہر حال بہت سی چیزیں بالکل ٹھیک ہیں کہ قانون کی حکمرانی ہونی چاہیے اور ہر چیز اس کے تحت ہونی چاہیے۔ یہاں پر MQM کے طاہر مشہدی صاحب نے قانون کی حکمرانی پر بہت زور دیا اور نہال ہاشمی صاحب نے کچھ اور aspects کا بھی ذکر کیا۔ میں مختصراً یہاں پر کچھ facts بتانا چاہوں گا۔

Bloggers یا جو بھی لوگ اس وقت missing ہوئے تھے اس کے حوالے سے پہلے میں نے بھی اور پھر معزز چوہدری نثار علی خان صاحب نے بھی تفصیل سے ہاؤس کو آگاہ کیا تھا۔ ابھی bloggers کے بارے میں پوچھا گیا ہے جو اسلام آباد سے تعلق رکھتے ہیں ان کی details میں اپنے ساتھ لے کر آیا ہوں۔ اس میں سلمان حیدر اور ثمر عباس تھے۔ سلمان حیدر 6 جنوری کو لاپتہ ہو گیا تھا۔ 7 جنوری کو یہاں پر ایک FIR درج کی گئی تھی۔ 28 جنوری کو وہ واپس آ گئے تھے۔ یہاں پر جو کہا گیا کہ اس کے لیے کوئی کوشش نہیں کی گئی۔ کوشش کی گئی ہے اور ان کے واپس آنے کے بعد بھی یہ کوشش کی گئی ہے کہ ان سے رابطہ کیا جائے۔ رابطہ بھی ہوا ہے لیکن انہوں نے اپنی statement record کرانے سے انکار کیا ہے۔ پولیس نے ان کے جو رشتہ دار ہیں ان سے بھی رابطہ کیا۔ جس بھائی نے FIR درج کرائی ہے اس سے رابطہ کیا تو انہوں نے بھی statement درج کرنے سے انکار کیا ہے۔ بہر حال پولیس نے یہ کہا ہے کہ ہم ابھی بھی کوشش کر رہے ہیں کہ ہماری statement ہو اور ہم اس investigation کو کسی طرح conclude کریں۔ جب تک یہ facts سامنے نہیں آئیں گے تو وہ کیس conclude نہیں ہو گا۔ یہ کیس ابھی تک open ہے۔

اسلام آباد سے جو دوسرے شخص ثمر عباس لاپتہ ہوئے تھے، اس کے بارے میں ابھی تک کوئی information نہیں ہے۔ اس کے لیے پولیس نے ان کو مشتہر بھی کیا تھا۔ تمام صوبوں کے

جیل پولیس، ریلوے اسٹیشنز، hospitals and other relevant places جو مروجہ طریقہ کار ہے اس کے تحت اشتہار دیا گیا تھا۔ General public information کے لیے اشتہار دیا گیا تھا لیکن ابھی تک کوئی ایسی خاطر خواہ information نہیں ملی جس پر آگے کوئی کارروائی کی جاسکے۔ اسلام آباد کے حوالے سے جو یہاں پر بات ہوئی ہے اور اسلام آباد پولیس کی جو ذمہ داری تھی اس حوالے سے میں نے بتایا۔ پہلے ہمیں کچھ زیادہ وقت ملا تھا تو ہم نے صوبوں سے تمام details منگوائی تھیں جو لوگ صوبوں سے ان دنوں میں missing تھے۔ ابھی اگر وہ معلومات چاہیے تو ہمیں اس کے لیے کچھ اور وقت درکار ہے۔ شکریہ۔

Mr. Chairman: The motion is talked out. Farhatullah Babar *Sahib*, what you want to say?

Senator Farhatullah Babar

سینیٹر فرحت اللہ بابر: جناب چیئرمین! میں فاضل سینیٹر ہاشمی صاحب کی صرف اس بات کا جواب دینا چاہتا ہوں جس میں انہوں نے کہا ہے کہ آصف زرداری صاحب اس بات کا جواب دیں گے۔ میں یہ وضاحت کردوں that I am not spokesperson for Hussain Haqqani whatever he says or whatever he does لیکن اس کے article میں جو بنیادی چیز تھی اور جس کی طرف سینیٹر صاحب نے اشارہ کیا کہ اس سوال کا جواب آصف زرداری صاحب کو دینا پڑے گا کہ وہ ویزے کیسے issue ہوئے تھے۔ جناب چیئرمین! جیسے ہی اس کا article کل چھپا I checked up my record and I want to state it formally once again جو میں پہلے بھی کہہ چکا ہوں کہ جتنے بھی ویزے Americans کو اس وقت issue ہوئے تھے they were issued in accordance with the procedure laid down and not a single Government agency at that time objected to a single visa behind that I would not like to comment. چونکہ اس کا تعلق انہوں نے آصف زرداری صاحب کے ساتھ جوڑا and I am the spokesperson of Asif Zardari *Sahib* and I was a witness in the Presidency to all that was going on, I want to categorically state کہ جو بھی ویزے اس وقت issue ہوئے تھے

they were issued in accordance with the procedure. Thank you very much.

Mr. Chairman: We now go back to Order No. 34. Order No. 34, Minister for Water and Power.

Ministerial Response by Mr. Abid Sher Ali, Minister of State for Water and Power on the PPI raised by Senator Sardar Muhammad Azam Khan Musakhel on 7th March, 2017

جناب عابد شیر علی (وزیر مملکت برائے پانی و بجلی): شکریہ، جناب چیئرمین! سینیٹر اعظم خان موسیٰ خیل صاحب نے last sitting میں point out کیا تھا کہ QESCO میں جو 3188 vacant posts ہیں ان کے بارے میں انہوں نے بات کی تھی۔ ان پوسٹوں میں 929 پوسٹیں promotion کی ہیں اور 2259 جو direct quota میں آتی تھیں۔

جناب چیئرمین! QESCO کی financial position اس وقت بہت کمزور ہے اور ان کے جو targets ہیں جو NEPRA کی طرف سے set کیے گئے ہیں، ان میں T&D losses 7.5 ہیں لیکن اس سے بڑھ کر QESCO کی کمپنی 23.9% losses میں چل رہی ہے اور ان کی 71.6 progress recovery ہے اور جو ان کے payables ہیں private and Government ملا کر وہ تقریباً 168 ارب روپے ہیں۔ اس کے بعد Privatization Commission نے بھی تحفظات کا اظہار کیا ہے کہ اگر یہ financial burden carry نہیں کر سکتی تو یہ جو پوسٹیں advertise کی ہیں تو اس میں ان کو کچھ تحفظات تھے۔ جو پوسٹیں advertise کی گئی ہیں ان میں گریڈ 17 کی جو بورڈ نے propose کی تھی وہ 58 تھیں اور جو Ministry of Water and Power نے accept کیا ہے وہ 47 تھیں۔ اسی طرح گریڈ 1 تا 15 آغاز حقوق بلوچستان کے تحت بورڈ نے 737 تھیں لیکن منسٹری کی طرف سے 310 تھیں۔ اسی طرح سیکورٹی سٹاف کی بھی تھی۔ Total مل ملا کر منسٹری نے جو NOC QESCO کو جاری کیا وہ 651 پوسٹوں کا تھا۔ اس کے بعد یہ 26-07-2015 کو National and local newspapers میں advertise کی گئیں۔ پھر ان کے لیے جو NTS tests کے لیے درخواستیں 11-08-2015 کو call کیے گئے۔ گریڈ 17 کی جو پوسٹیں تھیں اس پر چیف سیکرٹری بلوچستان کو کچھ تحفظات تھے۔ جو local domicile holders تھے انہوں

نے منسٹری کو approach کیا جس کے تحت اس کو پھر pend کر دیا گیا۔ اسی طرح جو سیکورٹی گارڈ کی 7 پوسٹیں تھیں اس میں جو 334 sanctioned posts تھیں، ان میں سے صرف 7 افراد جو میرٹ لسٹ میں آتے تھے اس کے جو parameters تھے اس کے لیے ریٹائرڈ آدمی کا ہونا بہت ضروری تھا لیکن ان میں سے ایک سارجنٹ اور 7 افراد کو انٹرویو کے لیے call کیا گیا۔ اس کے علاوہ گریڈ 6 سے 15 تک آغاز حقوق بلوچستان کے تحت جو افراد short list ہوئے ان کو انٹرویو کے لیے call کیا گیا لیکن کوئٹہ سی بی اے یونین نے احتجاج کیا۔ انہوں نے شیخ محمد گرڈ اسٹیشن کا گھیراؤ کیا اور اس کے بعد انہوں نے اس process کو رکوایا۔ ان سے پھر dialogue کیے گئے اور ان کا 20% کوٹا منظور کرتے ہوئے 62 افراد کو add کیا گیا۔ جناب چیئرمین! اب process شروع ہے اور یہ اسی ماہ advertise ہو جائے گا اور اگلے ماہ formalities کو fulfill کر کے job کا process شروع کر دیا جائے گا۔ Thank you.

Mr. Chairman: Thank you. The matter is disposed of. We move on to Order No. 26 stands in the name of Senators Shahi Syed, Ilyas Ahmad Bilour, Sitara Ayaz and Baz Muhammad Khan. Yes, Sitara Ayaz on their behalf.

Motion under Rule 218 moved by Senator Sitara Ayaz and others regarding the need for Enforcing Islamic Banking System in the Country

Senator Sitara Ayaz: Sir, I want to move that this House may discuss the need for enforcing Islamic Banking System in the country.

جناب چیئرمین: جی، بات کریں۔

Senator Sitara Ayaz

سینیٹر ستارہ ایاز: چیئرمین صاحب! سپریم کورٹ کی طرف سے ایک فیصلہ آیا تھا کہ سود سے پاک بنکاری ہونی چاہیے۔ جب ہم اپنے آئین کو دیکھتے ہیں تو اس میں بھی یہی ہے کہ جو بھی ادارے ہیں وہ اسلامی طریقے سے چلیں۔ ہم چاہتے ہیں کہ اس پر بحث ہونی چاہیے۔

جناب چیئرمین: بات کریں ناں، 218 کا motion ہے اس پر بات کریں۔

سینیٹر ستارہ ایاز: میں تو بات کر رہی ہوں۔ میں تو چاہ رہی تھی کہ اس پر بات ہونی چاہیے۔ باقی لوگ بھی بات کریں۔

جناب چیئرمین: جو لوگ بات کرنا چاہیں گے وہ کریں گے۔

سینیٹر ستارہ ایاز: جی۔ ہمارا مؤقف یہی ہے کہ ہمارے ملک میں سود سے پاک ایک نظام ہونا چاہیے۔ زیادہ تر اعتراضات یہی آتے ہیں کہ مختلف جگہوں سے سود لے رہیں۔ اس میں غریبوں کا کوئی فائدہ نہیں ہے، امیروں کو ہی فائدہ ہو رہا ہے۔ ہم چاہتے ہیں کہ سود سے پاک بینکاری سسٹم ہو اور اس میں سپریم کورٹ کا جو فیصلہ آیا ہے اس کو بھی follow کیا جائے۔ سادہ سی بات ہے ہم چاہتے ہیں کہ ملک میں اسلامی بینکاری نظام ہونا چاہیے۔

جناب چیئرمین: آپ نے اور بات کرنی ہے؟

سینیٹر ستارہ ایاز: نہیں جی۔

Mr. Chairman: Senator Shahi Syed, not present, Senator Ilyas Ahmad Bilour, not present. Senator Baz Muhammad Khan, not present. Yes, Qayyum Sahib.

Senator Lt. Gen. (Retd.) Abdul Qayyum

سینیٹر لفٹیننٹ جنرل (ر) عبدالقیوم: جناب چیئرمین! اس motion میں یہ بڑی valid suggestion ہے اور بلاشبہ یہ پوری پاکستانی قوم کے دل کی آواز ہے۔ میں صرف یہ کہنا چاہتا ہوں کہ حکومت بھی اور بینکنگ سیکٹر بھی اس میں سنجیدہ ہیں۔

میں آج کچھ information لے رہا تھا تو مجھے پتا چلا کہ National Bank of Pakistan نے اسلامی بینکاری کے لئے پچھلے ایک سال میں سو برانچیں کھولی ہیں۔ آج more or less تقریباً ہر پاکستانی بینک میں Islamic banking کی window موجود ہے اور اس پر progress ہو رہی ہے۔ ان کی کچھ problems ضرور ہیں جو وہ face کر رہے ہیں۔ وہ یہ کہتے ہیں کہ اسلامی بینکاری میں ہمیں کرنٹ اکاؤنٹ میں پانچ سے سات فیصد liquidity رکھنی ضروری ہے، Saving میں بیس سے اکیس فیصد اور اس پر چونکہ ہم اس کو سود پر نہیں دے سکتے تو بینک کو نقصان ہوتا ہے۔ اس حوالے سے وہ حکومت کا تعاون چاہتے ہیں کہ حکومت بھی اپنے فنڈ ہمارے اس اسلامی سسٹم میں رکھے بلکہ ہم جو باہر سے بھی قرضے لیتے ہیں، جو باہر کی investment ہے

اس میں بھی ہمیں encourage کیا جائے۔ وہ double taxation problem face کر رہے ہیں۔ پھر کچھ ownership related issues ہیں اور میں نے foreign investment کی بات کی ہے۔

ہمارا belief بھی یہی ہے کہ ہماری economy کا system interest free ہونا چاہیے ۔ ہم سب یہ چاہتے ہیں کہ ہمارے bank deposits or saving accounts اسلامی طریقے سے نفع یا نقصان کی بنیاد پر ہوں۔ میرا خیال ہے کہ بڑا ہی valid point ہے جو ستارہ ایاز صاحبہ اور ان کے ساتھیوں نے اٹھایا ہے۔ میرا knowledge ہے I am sure ہمارے متعلقہ وزیر اس پر روشنی ڈالیں گے ۔ حکومت بھی اس پر بڑی سنجیدہ ہے اور خاص طور پر وزیر اعظم صاحب نے تو اس پر کمیٹی بھی بنائی ہے جس میں تقی عثمانی صاحب اور اسحاق ڈار صاحب ہیں جو اس کو اور expedite کرانے کی کوشش کر رہے ہیں، تو میں اس کو support کرتا ہوں۔ بہت مہربانی۔

جناب چیئرمین: تھانوی صاحب۔

Senator Maulana Tanveer-ul-Haq Thanvi

سینیٹر مولانا تنویر الحق تھانوی: بسم اللہ الرّحمٰن الرّحیم۔ چیئرمین صاحب! شکریہ۔ یہ issue جو Islamic banking کا ہے، اسلامی جمہوریہ پاکستان میں ہر مسلمان کا issue ہے اور میں سمجھتا ہوں کہ بہت اچھا point اٹھایا گیا ہے۔ میں اس کی پرزور تائید کرتا ہوں اور تمام شعبوں میں اسلامی بینکنگ کی طرز پر ہی کام ہونا چاہیے لیکن میں یہاں پر عوام سے سنی ہوئی بات پیش کر رہا ہوں اور میں چاہتا ہوں کہ اس پر بھی توجہ ہو جائے جو اس سے متعلقہ لوگ اور شعبے ہیں۔

اصل میں حضرت مولانا تقی عثمانی صاحب ہمارے استاد بھی اور بزرگ بھی ہیں انہوں نے Islamic Banking کو introduce کرایا اور ماشاء اللہ یہ سلسلہ کافی پھیلا، ایک دو تین بینکوں کا تو مجھے علم ہے لیکن میرے علم میں یہ بات آئی ہے کہ بہت سے بینکوں نے صرف ایک، window, Islamic banking کی کھول دی ہے کہ انہوں نے جب دیکھا کہ لوگوں کا flow اس طرف ہے، سب اسلامی بینکنگ کی طرف جا رہے ہیں تو میرے علم میں ہے، مجھے تجربہ نہیں ہے کہ لوگ کہتے ہیں کہ انہوں نے صرف ایک window کھولی ہے، باقی سارے کام ان کے سود پر ہو رہے ہیں۔ انہوں

نے صرف لوگوں کو اپنی طرف گویا مائل کرنے کے لئے ایک window کھول دی گئی ہے تو میں چاہتا ہوں اس پر action ہونا چاہیے۔ جو بینک سود کو نہیں چھوڑ سکتے، ٹھیک ہیں وہ کرتے رہیں لیکن اسلامی بینکنگ کے حوالے سے صرف اس لئے کھڑکی کھول لینا، window کھول لینا کہ ہر شخص ادھر بھی آئے۔ سنا ہے کہ وہاں پر window تو کھول دی ہے لیکن کام اسی سودی انداز پر ہو رہا ہے۔ میں سمجھتا ہوں کہ اس کی اصلاح ہونی چاہیے۔

جناب چیئرمین: شکریہ، تاج حیدر صاحب۔

Senator Taj Haider

سینیٹر تاج حیدر: جناب چیئرمین! شکریہ۔ بہت سی چیزیں ہو رہی ہیں اور اسلام کا نام لیا جا رہا ہے۔ ایسی چیزیں ہو رہی ہیں کہ جو خلاف اسلام ہیں۔ میرے خیال سے جب بھی ہم اپنے دین کی بات کریں تو ہم اسے عقیدہ توحید سے الگ کر کے نہیں دیکھ سکتے کیونکہ یہی وہ بنیادی نکتہ ہے، یہی وہ بنیادی عقیدہ ہے جس کی روشنی میں انسان اور خدا کا رشتہ استوار ہوتا ہے اور انسان اور خدا کا رشتہ اس کی روشنی میں انسان اور انسان کا رشتہ استوار ہوتا ہے۔ جب ہم لاالہ الا اللہ کہتے ہیں تو ہم اس بات کا اعلان کرتے ہیں کہ ہر انسان آزاد ہے۔ ہم اس بات کا اعلان کرتے ہیں کہ تمام انسان برابر ہیں۔ ہم اس بات کا اعلان کرتے ہیں کہ تمام انسانیت ایک ہی خاندان ہے اور ہمارا آپس میں بھائی چارہ ہے۔ اگر ہم کوئی بھی ایسی چیز بناتے ہیں کہ جو ان مقاصد کے خلاف جا رہی ہے تو میں سمجھتا ہوں کہ وہ دائرہ اسلام کے باہر ہے اور کوئی بھی ایسی چیز، کوئی بھی ایسا سسٹم اگر ہم بناتے ہیں کہ جو ان مقاصد سے ہمیں قریب لا رہا ہے تو ہم سمجھتے ہیں کہ وہ دائرہ اسلام کے اندر ہے۔

جناب عالی! سرمایہ طاقت ہے۔ معاشرے میں سرمائے کی مثال ایسے ہے جیسے انسانی جسم میں خون کی ہے۔ یہ خون اگر گردش میں رہے تو انسان صحت مند رہتا ہے اور یہ خون اگر کہیں جا کر رک جائے تو پھر موت واقع ہوتی ہے۔ اگر ہم اپنا مالیاتی نظام ایسا بنا رہے ہیں کہ جہاں سرمایہ چند ہاتھوں میں جا کر رک جاتا ہے، جہاں وہ لوگوں میں گردش نہیں کرتا تو پھر ہم سمجھتے ہیں کہ اس کو اسلام کا نام دینا غلط ہے۔ ہاں اگر سرمایہ گردش کر رہا ہے تو پھر ہم کہتے ہیں کہ ہاں یہ ایک اسلامی نظام ہے۔

مساوات کا پہلو ہم نظر انداز نہیں کر سکتے اور مساوات یہ ہے کہ طاقتور چھوٹے پر ظلم نہ کرے۔ سیدنا ابو بکر صدیق نے فرمایا کہ میں اس وقت تک چین سے نہیں بیٹھوں گا جب تک کمزور کو اس کا حق

نہ دلادوں اور طاقت ور کا ہاتھ نہ روک دوں۔ جناب عالی! یہ ہے اسلامی اخلاقیات کہ ہم سب کو برابر سمجھتے ہیں اور کسی کو کسی کا حق سلب نہیں کرنے دیتے۔ مجھے عرض کرنے دیں، میرا تاریخ اسلام کا جو بھی محدود مطالعہ ہے کہ سیدنا ابو بکر صدیق نے جو نظام رائج کیا وہ علی السّویۃ تھا۔ میں اس میں مولانا حسرت موہانی کو quote کروں گا کہ انہوں نے تو یہاں تک کہا کہ سوویت کا لفظ بھی سویۃ سے نکلا ہے کہ مساوات۔

سیدنا ابو بکر صدیق ہر ایک کو برابر دیتے تھے۔ جب اعتراضات ہوئے کہ جناب، جن کی خدمات زیادہ ہیں، جنہوں نے اسلام کے لئے جہاد کیا، جو پہلے اسلام لائے وہ نو مسلموں کے برابر کیسے ہو گئے تو سیدنا ابو بکر صدیق نے فرمایا کہ علی نے یہ مشورہ دیا تھا۔ مولا علی نے آکر کہا کہ اگر اس کو معیار بناؤ گے کہ پہلے کون اسلام لایا اور اسلام کے لئے جہاد کس نے کیا تو مجھے ڈر ہے کہ میں سب سے امیر آدمی ہو جاؤں گا، یہاں چونکہ سب کی ضرورتیں برابر ہیں، اس لئے ہم سب کو برابر دے رہے ہیں اور وہ جو کچھ بھی خدمات ہیں ان کا اجر روز قیامت اللہ سب سے بڑا دینے والا ہے، وہ آپ کو اجر دے گا۔ اب اگر یہ طریقہ ہم اپناتے ہیں کہ غریب، غریب تر ہو جائے اور غلام مزید غلام ہو جائے تو یہ اسلامی طریقہ نہیں ہے۔

اسلامی بینکنگ کا جو نظام اس وقت ملک میں رائج ہے، اس دن بھی شاید ذکر آیا تھا اور میں نے کہا تھا کہ میں خود ایک اسلامی بینک میں اکاؤنٹ ہولڈر ہوں، میں نے کبھی غریب آدمی کو اس میں نہیں دیکھا۔ غریب آدمی وہاں سے نہیں گزر سکتا۔ بنگلہ دیش کا گرامین بنک، ہمارے خوشحالی بینک وغیرہ سے کہیں زیادہ اسلامی ہیں بنسبت جو ہمارے ملک میں اسلامی بنکنگ کا نظام رائج ہے اس لئے کہ وہ غریب کو یہ موقع دیتے ہیں کہ وہ اپنے حالات زندگی کو بہتر بنا سکے۔ اسلامی بینکنگ ملک میں ہونی چاہیے لیکن اس نظام پر نظر ثانی کرنے کی ضرورت ہے اور جب بھی آپ نظر ثانی کریں تو عقیدہ توحید کا دامن ہاتھ سے نہ چھوڑیں۔ ہم نے اسلامی فزکس بنالی، ہم نے اسلامی کیمسٹری بنالی، ہم نے ہر چیز بنالی لیکن یہ دیکھنا کہ اس کی بنیاد عقیدہ توحید پر ہے یا نہیں، یہ کسی بھی چیز کو اسلامی کہنے سے پہلے ہمیں ضرور دیکھنا ہے اور اگر وہ ان دائروں سے باہر ہے، جو توحید کے عقیدے نے خدا اور انسان کا رشتہ قائم کیا ہے، انسان اور انسان کا رشتہ قائم کیا ہے اگر وہ ان دائروں سے باہر ہے تو پھر اس کو اسلامی نہیں کہا جا سکتا اگر وہ ان دائروں کے اندر ہے تو وہ یقیناً اسلامی ہے۔ ملک میں میں چاہتا ہوں کہ ایک ایسا بینکنگ کا نظام رائج ہو، جیسا میں نے

کہا کہ سرمایہ طاقت ہے تو کیا یہ طاقت غریب کو کچلنے کے لیے استعمال ہو رہی ہے یا غریب کو اپنے پیروں پر کھڑے ہونے کے لیے استعمال ہو رہی ہے۔ کیا یہ طاقت امیر و غریب کے فرق کو اور زیادہ بڑھانے کے لیے استعمال ہو رہی ہے یا اس فرق کو کم کرنے کے لیے استعمال ہو رہی ہے

This should be our criteria before we claim any system to be Islamic. Thank you very much.

جناب چیئرمین: بیرسٹر سیف۔

Senator Muhammad Ali Khan Saif

سینیٹر محمد علی خان سیف: بسم اللہ الرحمٰن الرحیم۔ جناب چیئرمین! اس موضوع پر میں جو کچھ بھی کہوں گا شاید میری کم علمی اور جہالت کا اظہار ہی کروں گا۔ اسلامک بینکنگ کا موضوع دیکھ کر مجھے مری روڈ راولپنڈی کی ایک دکان یاد آتی ہے جس کے اوپر لکھا ہوا ہے خالص اسلامی شہد دستیاب ہے۔ سمجھ میں نہیں آتا، اسلام میں بھی کوئی خالص اور ناخالص کی کوئی تفریق ہے۔ کیا وہ شہد بنانے والی مکھیاں مسلمان ہیں یا اس سے مراد جو اس کو شہد میں convert کرتے ہیں وہ مراد ہے۔ ہمارا ایک confused معاشرہ ہیں اور اسلام کو ہم نے زیادہ تر اپنی clarity of thought and clarity of vision کی بجائے اس کو marketing gimmick کے طور پر ہمیشہ استعمال کیا ہے اور یہ ہماری بدقسمتی ہے۔ دنیا میں جتنے بھی نظام ہیں ان کی ایک سیاسی شکل ہوتی ہے اور ایک ان کی معاشی شکل ہوتی ہے۔ جو Feudal نظام تھا اس کی سیاسی شکل بادشاہت ہوتی تھی اور جو معاشی سسٹم ہوتا تھا feudal تھا یعنی land holding چند ہاتھوں میں ہوتی تھی اور اس پر کنٹرول چند لوگوں کا ہوتا تھا۔ جمہوری نظام میں وہی چیز اس کی political شکل democracy ہے اور economic system ہمارا capitalism ہے۔ اگر بینکنگ کی history کو دیکھا جائے، اگر historical perspective میں دیکھیں تو یہ ایک ادارہ ہے جس کو سرمایہ دارانہ نظام کے فروغ کے لیے استعمال کیا گیا اس کے ساتھ اسلام کا tag لگا کر سمجھنا کہ شاید یہ قرآن و حدیث کے مطابق ہم کسی اسلامی معاشرے کی تشکیل میں اس ادارے کو استعمال کر سکیں گے میرے خیال میں اپنے آپ کو تو دھوکہ دے سکتے ہیں، قرآن و حدیث کے اصولوں کو ہم سمجھتے تو ہیں لیکن اپنے مقاصد کے لیے استعمال کرتے ہیں۔ میری رائے میں تو جتنے بھی بینک کھلے ہیں اور جتنے بھی بینک اسلامی کا نام استعمال کر رہے ہیں ان کی اگر products کو دیکھیں یا جو وہ offer کرتے ہیں ان کا capitalist والا طریقہ

کار ہے وہ تو وہی طریقہ کار ہے، میرے خیال میں CITI Bank کے طریقے میں اور دبئی اسلامک بینک کے طریقہ کار میں کوئی فرق نہیں ہے۔ صرف مضاربہ اور مشارقہ کا tag لگا کر اس کو اسلامی رنگ دے دیتے ہیں۔ جناب والا! ذاتی طور پر میں یہ سمجھتا ہوں کہ سپریم کورٹ نے جب یہ فیصلہ دیا، جس کا یہاں پر ذکر بھی کیا گیا تو میرے خیال میں سپریم کورٹ کے جج صاحبان بھی شاید اس نظام کے اسرار ورموز سے واقف نہیں تھے جتنا ان کو ہونا چاہیے تھا۔ یہ بڑا آسان ہے کہہ دینا کہ قوانین کو اسلامی ڈھانچے میں ڈال دو لیکن قوانین اسلامی ڈھانچے میں خود بخود نہیں ڈھل سکتے کیونکہ اسلام کا کوئی سانچہ ہے ہی نہیں، وہ وہی ہے کہ آپ نے ایک revolutionary ارتقائی عمل کے ذریعے معاشرے کے اخلاقیات کو اس حد تک بہتر بنا دینا ہے کہ وہ automatically اس پر جو آفاقی اصول ہیں، قرآن کے اصول ہیں وہ اس میں applicable ہو جاتے ہیں۔ اگر اخلاقیات کا معیار یہ ہے کہ میں نے سارا کالا دھن ، کرپٹ money کو recycle کر کے economy میں generate and regenerate کرنا ہے تو چاہے میں اس کو اسلامی نام دوں، شرعی نام دوں، کوئی بھی نام دوں سب پھر مذاق بن جاتا ہے۔ اس کے بارے میں تاج حیدر صاحب نے اسلامی اصولوں کی بات کی، مولانا صاحب نے بھی کی۔ جناب چیئرمین! اسلام کا ایک بنیادی اصول ہے جس کے تحت آپ تمام امور کو اسلام کے context میں دیکھ سکتے ہیں کہ کیا وہ اسلام کی applications اور اسلام کی applicability پر پورے اترتے ہیں یا نہیں۔ امام شرفی اور امام ساطبی یہ دو علما تھے، دو سکالر تھے، دو فقیہ تھے جنہوں نے پورا نظام devise کیا ہے۔ اس کو مقاصد شریعہ کے اصول کہتے ہیں، پانچ اصول ہیں، اگر ان چیزوں کے ساتھ مطابقت رکھتی ہے تو وہ اسلامی ہے اگر نہیں رکھتی تو غیر اسلامی ہے۔ میرے خیال میں اگر بینکنگ کے نظام کو دیکھا جائے تو امام شرفی اور امام ساطبی بھی رو پڑیں گے اگر اس موجودہ نظام کو ہم اسلامی بینکنگ نظام کا نام دیں گے۔ شکریہ۔

جناب چیئرمین: شکریہ، جی راجہ صاحب آپ کی بھی ایک مفصل رپورٹ تھی۔

Senator Raja Muhammad Zafar-ul-Haq, Leader of the House

سینیٹر راجہ محمد ظفر الحق: جناب والا! آپ کو معلوم ہے کہ یہ معاملہ وقتاً فوقتاً اٹھتا رہا ہے۔ عام آدمی کی یہ خواہش پاکستان میں رہی ہے کہ پاکستان کے اقتصادی نظام کو اسلامی اصولوں کے مطابق ڈھالا جائے۔ یہ کوئی آسان کام نہیں تھا۔ جب حضرت قائداعظم نے 1948 میں سٹیٹ بینک کی بلڈنگ کا

افتتاح کراچی میں کیا تو انہوں نے یہی کہا تھا کہ اب جو دانشور ہیں، economist ہیں ان کا یہ کام ہے، فرض بنتا ہے کہ پاکستان میں اس نظام کی بنیاد ڈالیں جس کے لیے ہم نے یہ ملک قائم کیا تھا۔ ہمارے اقتصادی نظام کو شریعت کے عین مطابق ہونا چاہیے۔ اگر ایسا نہیں ہے تو پھر وہ مقصد جس کے لیے یہ ملک بنایا گیا تھا وہ مسترد ہو جاتا ہے، ختم ہو جاتا ہے۔ اس پر کوئی مسلسل کام نہیں ہو سکا، 1992 میں ایک کمیٹی بنائی گئی، جس میں جسٹس تقی عثمانی صاحب بھی تھے، بہت اچھے سکالر اور legal expert بھی تھے وہ سب بیٹھے اور انہوں نے ایک رپورٹ بنائی۔ میں اس کمیٹی کا چیئرمین تھا، یقین کیجیئے کہ پاکستان ہی نہیں بلکہ دنیا بھر میں، اکثر اسلامی ممالک میں کوئی چودہ سو کے قریب ایسے بینک ہیں جو اسلامی اصولوں کے مطابق claim کرتے ہیں کہ وہ اسلامی نظام کے تحت اس کو چلا رہے ہیں ان میں لیکن ایک بھی ایسا بینک نہیں ہے جو فیل ہوا ہو، حالانکہ دنیا میں جو capitalism کا نظام ہے وہ تو بنیادی طور پر وہی نظام ہے جس کے خلاف اسلام تگ و دو کرتا رہا ہے کہ دولت کا ارتکاز نہ ہو سکے۔ دوسروں کے حقوق مار کر دولت اکٹھی کرنے کا سلسلہ نہ ہو۔ دولت امیروں کے درمیان ہی نہیں گھومتی رہے، یہ common wealth ہو، وہ سلسلہ ابھی تک ہو نہیں سکا، جوں جوں وقت گزرتا جا رہا ہے اس میں پیچیدگیاں بڑھ رہی ہیں۔ بہت سے ایسے لوگ ہیں، حتٰی کہ جماعت اسلامی کے ایک باقاعدہ رکن ہیں، انہوں نے ایک latest کتاب لکھی ہے جس میں انہوں نے یہ ثابت کرنے کی کوشش کی ہے کہ جو موجودہ بینکنگ کا سسٹم ہے وہ اسلام کے مطابق ہے، اس کے خلاف نہیں ہے لیکن ان کو اپنے ہی لوگوں نے کہا کہ آپ اگر اس جماعت کے رکن ہو کر اس قسم کی کتاب لکھیں گے تو یہ confusion میں اضافہ کرے گا، لہٰذا آپ اس کی ترویج زیادہ نہ کریں۔ میرے پاس بھی تشریف لائے تھے، انہوں نے کتاب کا ایک تحفہ مجھے بھی دیا تھا لیکن میں یہ سمجھتا ہوں کہ ملک میں ایسے لوگ موجود ہیں جو اگر مل بیٹھیں اور اگر انہیں کوئی وقت دیا جائے تو وہ صحیح بنیادوں پر، صحیح اسلامی economy کی بنیادیں استوار کر سکتے ہیں۔ اس میں زیادہ دیر کرنا، اس سسٹم کے لیے نقصان دہ ہو گا اور جو دوسری قوتیں ہیں وہ نہیں چاہتیں، بین الاقوامی ادارے بھی نہیں چاہتے، وہ کہتے ہیں کہ 2500 سال پہلے اگر یہ capitalists system تھا، حتٰی کہ حضرت عیسٰی علیہ السلام کے زمانے میں جو عبادت گاہ تھی، اس میں سے جو سود کے نظام کا کام کرتے تھے انہیں کھجور کی ٹہنیاں مار مار کر انہیں نکال دیا تھا۔ یہ حرام کی کمائی تم کرتے ہو اور اس کی ترویج کرتے ہو لیکن آج وہی نام و نہاد جو حضرت عیسٰی علیہ

السلام کو مانتے ہیں اور مسیح کہلاتے ہیں انہوں نے بھی اسی سسٹم کی protection کا نظام بنالیا ہے جو بڑا مضبوط نظام ہے۔ آپ کسی سے اگر deal کرنے جائیں تو کیا IMF کیا World Bank کیا دوسرے ادارے تو وہ کہتے ہیں کہ اگر آپ اس کو چھوڑیں گے تو ہم آپ کو قرضہ دیں گے، آپ اس کو چھوڑیں گے تو ہم آپ کے ساتھ تجارت کریں گے۔ وہ کافی رکاوٹیں پیدا کرتے ہیں۔

جناب والا! میں یہ سمجھتا ہوں کہ اگر اس پر ایمانی قوت سے اور مضبوطی سے کام کیا جائے تو یہ دنیا کی نجات کا سبب بن سکتے ہیں۔ شکریہ۔

Mr. Chairman: Thank you. Honourable Minister of Law on his behalf.

Mr. Zahid HamidMinister for Law

جناب زاہد حامد: شکریہ، جناب چیئرمین! میں سمجھتا ہوں کہ راجہ صاحب کے بعد اب مزید کہنے کی بہت کم گنجائش ہے، میں اس میں تھوڑے سے facts and figures کا اضافہ کر دوں۔ بنیادی نکتہ تو یہ ہے کہ Islamic banking کی فروغ حکومت کے لیے top priority ہے۔ جیسے راجہ صاحب بتا رہے تھے کہ 2001-02 growth سے شروع ہوئی لیکن اب 11.7% of the country's overall banking system is Islamic and 13.3 of deposits as of 31st December, 2016. 21 Islamic Banking Institutions including 4 full-fledged Islamic Banks, 1 Islamic Banking subsidiary and 16 conventional banks have Islamic Banking branches. اس طرح there are 2300 branches in 112 Districts of the country which are functioning or have Islamic banking.

اس حکومت نے اس کو ترجیح دیتے ہوئے ایک high level Steering Committee بنائی تھی for promotion of Islamic Banking in December, 2013. اس کمیٹی نے 2015 میں comprehensive recommendations دی ہیں، اس کی implementation کے لیے ایک high level کی Implementation Committee ہے which is supervised by the Finance Minister, Chaired by the Governor, State

4 Sub-نے Implementation Committee اس Bank of Pakistan. Committees بنائی ہیں، one for the legal and regulatory framework, one for taxation, one for the Islamic Capital Market and one for awareness and capacity building. اس one which I briefly outline ویسے تو، نے کئی significant steps لیے ہیں for strengthening of the legal مگر ایک can speak a lot about it and regulatory framework, the idea to encourage banks to move towards a subsidiary based models, اس لیے پہلے تو minimum capital نے جو انہیں State Bank of Pakistan for an Islamic Banking subsidiary, that has requirement ہے been reduced from 10 billion to 6 billion. This was in October, 2014. Then the State Bank has started Sharia Compliant Open Market operations. This is relatively new because they have started; they are offering Ijara sukook, issued by the Government of Pakistan during the Financial Year 2015. پھر ایک Sharia Governance Framework for the Islamic the Islamic Sharia Compliant بنایا Islamic Micro-ایک environment in these institutions State Bank has کرنے کے لیے finance operation encourage allowed the establishment of full-fledged Islamic Micro-finance Bank. Islamic Export Refinance Scheme has been started by offering Musharka based Islamic Export Refinance to the business community.

Then three centres of excellence have been started in the leading business schools, in the IBA Karachi, LUMS Lahore and the Institute of Management Sciences in Peshawar. This is to provide a trained human resource for the Islamic Banking system.

To provide for increased financial inclusion, the State Bank's strategic plan of 2016-20 has explicit component relating to Islamic Banking.

To arrange for awareness creation and capacity building of the industry, various local and international training programmes have been arranged.

The State Bank is the member of the Counting and Auditing Organization of Islamic Financial Institutions, Islamic Financial Services Board, so there is synergy with international partners. International sukooks have been issued, three of them first of $600 million in 2005, then $1billion in 2013 and 1$billion in 2016.

Now there is a Strategic Plan, developed by the State Bank of Pakistan, specifically for the Islamic Banking Industry for the period 2014-2018. There is a survey study which has been carried out in 2015, known as the Knowledge Attitude and practices of Islamic finance in Pakistan. Filing of that study is very encouraging and positive environment for Islamic Banking in the country. State Bank of Pakistan and the Securities and Exchange Commission have been collaborating to develop an Islamic capital market.

So sir, one very important thing right at the end in recognition of the efforts made by the State Bank of Pakistan for developing Islamic Finance in the country. It has been voted as the best Central Bank for promoting Islamic Bank Financing in an international poll which was conducted by the Islamic Finance News in Malaysia. Thank you.

Mr. Chairman: Thank you. The motion is disposed of.

آپpolicy statementدیناچاہ رہے ہیں؟

Statement made by Ms. Anusha Rahman, MoS for IT regarding award won by the Ministry

محترمہ انوشہ رحمٰن احمد خان: شکریہ،جناب چیئرمین اور my fellow Parliamentariansالسلام علیکم!

I want to give statement in the Senate regarding the recent award that Ministry of Information Technology has won. It is a matter of great honour for me to address in this august House of the Senate and to share with you with immense pleasure the international recognition which the Government of Pakistan is receiving from the global community that Pakistan has achieved under the visionary leadership of Prime Minister Nawaz Sharif in the field of IT. *Alhamdulillah*, the tireless efforts that the Government has made over the past three and half years for connecting the unconnected and for taking the benefits of socio-economic opportunity to all segments of our society through policy and tactical implementation measures has won fruits, not only of the increased connectivity evident across the board locally but our policy and development measures have continuously won global recognition.

Recently, I had the honour to receive GSMA Government Leadership Award 2017 on behalf of the Government of Pakistan at the biggest annual Telecom Industry gathering at the mobile world Congress in Barcelona, Spain.

The GSMA Association, that conferred this award on Pakistan, is the biggest Telecom Industry Forum in the world including Telecom operators, manufacturers,

innovators and all other players in the ICT value chain. This award goes on to confirm the worldwide acclaim and global recognition of the Government's Telecommunication Policy 2015 and to reiterate the global technology community's confidence and trust in the Telecom Sector policy of the Government of Pakistan.

The GSMA leadership, whilst and conferring the award categorically recognized our achievements in the following words:-

"This award recognizes the Government of Pakistan's proactive approach and consulting the industry as it embarks a series of adjutory reforms starting with the option of Telecom Policy 2015 to drive further adjutory modernization in the country. This Government has also consistently shown support for mobile enabled ICT as a development tool. Showing that mobile can be central to Pakistan's Vision-2025 goals as well as the achievement of the UN's Sustainable Development Goals. As with far thinking reforms, challenges remain but this award recognizes the critical importance of transparency and constructive and open dialogue with industry as essential elements of the future of every country's policy framework."

Honourable Chairman, this award, which is the biggest award at the Global Mobile Award Ceremony, is Pakistan's 2nd award at the forum in a short span of two years, *Alhamdulillah*.

(Desk thumping)

Ms. Anusha Rahman Ahmed Khan: It is pertinent to mention that Pakistan was awarded the leadership award

for transparent and market building spectrum in 2015. Grant of two major global mobile awards for Pakistan within a short span of three years of the current Government is historical in itself. The 2017 award is significant as it carries the highest significance globally for Government's policy initiative and development of digital market.

We have also been extremely lucky with the grace of God to receive the Gem Tech award which was jointly conferred upon me by the two agencies of the United Nations ITU and UN Women in 2016. These global recognitions are significant in acknowledging awards in the area of ICT and it further systemizes our resolve to redouble our efforts to take the benefit of technology to the most disadvantaged segments of our society in a move to achieve knowledge based society, a digital inclusion of all segments of our society and to proactively connect the unconnected. Thank you very much. Pakistan Zindabad.

Mr. Chairman: Congratulation, We now move on to Order No. 35. Order No. 35 is discussion on the adjournment motion moved on 10th of March 2017 and admitted in the name of Senator Sherry Rahman.

سواتی صاحب آپ بات کر لیں۔

Discussion on the Adjournment Motion Moved by Senator Sherry Rehman Regarding Increase in the Prices of Petroleum Products.

سینیٹر محمد اعظم خان سواتی: شکریہ، جناب چیئرمین! میں یہ سمجھتا ہوں کہ یہ ہر پاکستانی شہری کا فرض ہے کہ اس کی زندگی، اس کا طرز معاش اس کی connectivity پٹرولیم مصنوعات، اس کی prices اس کے سارے infrastructure سے مربوط ہے۔ جب بھی petroleum کی

prices internationally یا ملک میں بڑھتی ہیں تو اس سے ایک عام آدمی کی زندگی اجیرن ہوتی ہے، اس سے عام آدمی کی زندگی متاثر ہوتی ہے۔ فلاحی ریاست کے بنیادی محرکات عوام کو زیادہ سے زیادہ سہولت پہنچانا ہے، عوام کی زندگی کو بہتر کرنا ہے۔ ہم دیکھتے ہیں کہ گزشتہ سالوں کے اندر، جب پٹرولیم کی مصنوعات یا پٹرول کی قیمت 140 بیرل تک بیرون ملک کی منڈیوں میں بک رہا تھا، اس وقت ہماری local price کیا تھی۔ حکومت نے اگر subsidy دی تو صرف ایک چیز کو مدنظر رکھ کر دیں اور عوام کی فلاح و بہبود کے لیے دی تاکہ اس کا زیادہ بوجھ غریب عوام پر، 2/3rd طبقے پر نہ پڑے۔ ابھی چند دن پہلے ہم دیکھ رہے ہیں کہ اس وقت جو تیل کی قیمت بیرون ملک میں پچاس اور ساٹھ ڈالر کے اوپر fluctuate کر رہی ہے اور کافی عرصے تک اگر اس قیمت کو نہیں بڑھایا گیا اور آج اس کو increase کیا جا رہا ہے تو کیا ہمارے financial institutions، ہماری monetary policy کے اندر اتنی سکت نہیں ہے کہ کم از کم اس بوجھ کو برداشت کرتے ہوئے، حکومت اس خسارے کو برداشت کرتے ہوئے عام عوام کی زندگی اور عام عوام کی ضروریات کا خیال کرتے ہوئے اس price کو نہ بڑھائے۔ آج وزیر موصوف سے یہ سننا چاہیں گے کہ کون سی ایسی وجوہات تھیں جب ہم ایک فلاحی مملکت کی طرف جا رہے ہیں، ایک عام آدمی کی زندگی کو دیکھ رہے ہیں، اس کے معمول کو دیکھ رہے ہیں، اس میں بہتری لانے کے لیے کیا یہ انتہائی ضروری نہ تھا کہ اس price کو ہم freeze کریں۔ ہمیں اس پر نظر ثانی کرتے ہوئے اور جو ملکی اور بیرونی حالات ہیں ان کا جائزہ لیتے ہوئے اگر زیادہ دیر تک، زیادہ عرصے تک ہم اس قیمت کو کسی طریقے سے غریبوں پر بوجھ نہ ڈالیں تو بہتر ہو گا۔ جب آپ تیل کی قیمت کو بڑھاتے ہیں تو معیشت کا پہیہ اسی طریقے سے چلتا ہے اور اس کی وجہ سے غریب طبقہ پر کافی حد تک اثر انداز ہوتا ہے اس کی بنیادی وجہ بھی یہی ہے کہ indirect tax کی مد میں غریب طبقے کو اس چکی میں پیس رہے ہیں direct tax کی اتنی contribution ہمارے fiscal حالات کے اندر نہیں، ان حالات کو مدنظر رکھتے ہوئے میں کم از کم حکومت سے استدعا کروں گا کہ اس پر نظر ثانی کرے۔ شکریہ۔

جناب چیئرمین: شکریہ، سینیٹر قیوم۔

Senator Lt. Gen. (Retd.) Abdul Qayyum

سینیٹر لفٹیننٹ جنرل (ر) عبدالقیوم: جناب چیئرمین! میں یہ کہنا چاہتا ہوں کہ generally speaking تو یہ بہت بڑی بات ہے کہ کوئی بھی جمہوری یا عوامی حکومت کبھی بھی نہیں چاہے گی کہ عوام پر قیمتوں کا بوجھ ہو اور ان کی کوشش ہو گی کہ inflation پر کنٹرول ہو اور کم سے کم قیمتیں ہوں اور عوام آسودہ ہوں لیکن جب ابھی ہم particularly تیل کی prices کی طرف دیکھتے ہیں تو ہمیں یہ دیکھنا ہو گا کہ oil تقریباً 72% بیرونی دنیا سے import کر کے ہم اپنی ضرورت پوری کرتے ہیں۔ اس کی قیمتیں fluctuate کرتی رہی ہیں جب نیچے گئی ہیں تو لوگوں کو rebate ملا ہے، اب جب اوپر آ رہی ہیں تو حکومت پھر بھی جتنی increase ہے میرے خیال میں جو میری study ہے I am sure Minister صاحب بڑی authentic figures دیں گے ابھی بھی اتنی increase نہیں کی گئی جیسے بین الاقوامی سطح پر بڑھی ہیں۔ ابھی اگر دو روپے بڑھائے ہیں تو actually یہ سات روپے اوپر ہونے چاہیے جس میں پانچ روپے کی subsidy ہے اور اسی طرح گیس میں، ڈیزل میں زیادہ subsidy اس لیے حکومت کی طرف سے ہے کہ وہ زیادہ goods and transportation کے لیے بڑی گاڑیوں کے لیے استعمال ہوتا ہے تاکہ لوگوں پر زیادہ بوجھ نہ پڑے۔ ابھی بھی بین الاقوامی سطح پر recently United States کے صدر نے جو تیل کی پائپ لائن ہے وہ کینیڈا سے لینے کے لیے go ahead دیا ہے جس سے امریکن تیل کی ڈیمانڈ کم ہو جائے گی جو بارہ فیصد سعودی عرب سے لیتے ہیں۔ It looks کہ coming days میں یہ escalation زیادہ نہیں ہو گی بلکہ قیمتیں کچھ حد تک کنٹرول میں رہیں گی۔ ملکی requirement اگر بڑھتی ہے تو اس میں ایک چیز یہ بھی silver lining ہے کہ اس کا مطلب ہے کہ ملک میں economic growth ہو رہی ہے اگر آپ کی oil consumption زیادہ ہوتی ہے۔ پاکستان کی صورت حال میں I am sure کہ حکومت پوری effort کرے گی کہ increase کم سے کم ہو تاکہ لوگوں پر بوجھ نہ پڑے لیکن میں personally feel کرتا ہوں کہ یہ ہمارے لیے ایک blessing تھی کہ overall oil کی قیمتیں کم ہوئی تھیں اور اس کا پوری معیشت کو فائدہ بھی ہوا اب جب یہ قیمتیں اوپر چڑھ رہی ہیں تو میرے خیال سے اس رفتار سے قیمتیں ہم نہیں بڑھا رہے جس رفتار سے حکومت کو pay کرنا ہے۔ حکومت نے

اپنی kitty میں دیکھنا ہے کہ کتنی گنجائش ہے۔اس گنجائش کے مطابق عوامی حکومت کی یہی کوشش ہوتی ہے کہ prices کو کم رکھا جائے۔ جس طرح سینیٹر صاحب نے کہا کہ ہمیں لوگوں کو relief دینی ہے تو میرے خیال سے ہر عوامی نمائندہ جو لوگوں کی welfare کا خیال رکھتا ہے وہ یہ چاہتا ہے کہ prices کم سے کم ہوں اور حکومت اس endeavor میں کبھی بھی پیچھے نہیں رہے گی۔ شکریہ۔

Mr. Chairman: Last chance to the mover Senator Sherry Rehman, not present, honourable Minister of Petroleum and Natural Resources.

Mr. Shahid Khaqan Abbasi (Minister for Petroleum and Natural Resources)

جناب شاہد خاقان عباسی (وزیر برائے تیل و قدرتی وسائل): شکریہ، جناب چیئرمین! پاکستان ایک oil importing country ہے۔ میں آپ کے سامنے چند ممالک جو ہماری طرح oil importing countries ہیں ان کی prices آپ کے سامنے رکھنا چاہوں گا۔ پاکستان میں پٹرول کی قیمت 73 روپے، انڈیا میں 114.86 rupees, almost 40 rupees more, بنگلادیش میں 112 روپے کے قریب ہے۔اس سے ظاہر ہوتا ہے کہ پاکستان کی حکومت oil کا بوجھ عوام پر نہیں ڈال رہی یہ بنیادی بات ہے۔پٹرول کی قیمت PSO نے جو پچھلے ماہ oil import کیا ہوتا ہے اس پر based ہوتی ہیں۔ ہر ماہ کی پہلی تاریخ کو price revision ہوتی ہے یہ اس سے پچھلے مہینے کے PSO کے cargos import ہوتے ہیں ان کی average پر بنتی ہے۔ ان cargos کے آنے میں تیس سے ساٹھ دن کا lag ہوتا ہے۔ تیس سے ساٹھ دن کے بعد prices کا impact Pakistan کی retail prices پر آتا ہے۔ پچھلے ماہ پٹرول کی قیمت میں دو روپے چھیانوے پیسے کا اضافہ ہونا چاہیے تھا لیکن حکومت نے صرف ایک روپے اکہتر پیسے کا اضافہ کیا یعنی ایک روپیہ پچیس پیسے حکومت نے per liter absorb کیا۔ ڈیزل کی قیمت میں یہ اضافہ دو روپے اٹھارہ پیسے ہونا چاہیے تھا لیکن ایک روپیہ باون پیسے کا اضافہ کیا گیا اس کو بھی حکومت نے partially absorb کیا۔ Kerosene عام آدمی استعمال کرتا ہے اس کی قیمت میں سترہ روپے پچپن پیسے کا اضافہ ہونا تھا اس میں کوئی اضافہ نہیں کیا گیا۔ پورے کا پورا سترہ روپے پچپن پیسے کا حکومت نے absorb کیا۔(LDO) Light diesel oil جو کہ tractors میں استعمال ہوتا ہے میں دس

روپے چورانوے پیسے کا اضافہ ہونا تھا لیکن حکومت نے اس میں کوئی اضافہ نہیں کیا سارے اضافے کو absorb کیا۔ یہ تاثر پھیلایا جاتا ہے کہ حکومت بہت زیادہ پیسے بنا رہی ہے ۔ بجٹ میں ایک provision ہوتی ہے ان taxes کی جو petroleum products پر لیے جاتے ہیں اور یہ صرف پاکستان ہی نہیں لیتا پوری دنیا کے ممالک لیتے ہیں۔ میں نے ابھی آپ کے سامنے prices رکھی ہیں جس سے صاف ظاہر ہوتا ہے مثلاً انڈیا ہر liter پر تقریباً چالیس روپے اضافی ٹیکس لگاتا ہے جو پاکستان کے مقابلے میں جو taxes ہیں اس سے بھی چالیس روپے اضافی ہیں۔ اسی طرح بنگلادیش میں بھی تقریباً اڑتیس روپے اضافی taxation ہے ۔ پوری دنیا کے ممالک بجٹ میں ایک بڑا حصہ petroleum products کو tax کرتے ہیں اور اس سے حاصل کرتے ہیں۔ یورپ میں ایسے ممالک ہیں جن کی majority taxation petroleum products پر duties or taxes لگا کر حاصل کی جاتی ہیں۔ اس لحاظ سے economy کا بڑا حصہ جو بجٹ کے اندر جو revenues ہیں اس کا بڑا حصہ petroleum products سے آتا ہے۔ ہمارے ملک کی بھی یہی کیفیت ہے لیکن اس کے باوجود حکومت نے ہمیشہ یہ کوشش کی کہ اس کا کم سے کم بوجھ عوام پر ڈالا جائے۔ میں نے ابھی جو comparison دی اس سے ظاہر ہوتا ہے کہ پاکستان کی موجودہ حکومت عوام پر پورا بوجھ pass on نہیں کر رہی بلکہ اس کو absorb کر رہی ہے۔ میں نے facts آپ کے سامنے رکھ دیے ہیں اس پر لمبی بحث ہو سکتی ہے لیکن بنیادی حقیقت آپ کے سامنے ہے کہ حکومت price increase کا بڑا حصہ taxation میں کمی کر کے برداشت کرتی ہے اور اس کا بوجھ عوام پر نہیں ڈالتی۔ بہت شکریہ۔

Mr. Chairman: The discussion is over. Are there any points of public importance.

سینیٹر محمد عثمان خان کاکڑ صاحب کس موضوع پر بات کرنا چاہتے ہیں۔

Point of Public Importance raised by Senator Muhammad Usman Khan Kakar regarding disobedience by Security forces with Parliamentarians at Swat

سینیٹر محمد عثمان خان کاکڑ: شکریہ، جناب چیئرمین! میں پرسوں سوات گیا تھا۔ کل ہمارا خوازہ خیلہ میں ایک پروگرام تھا تحصیل ہیڈ کوارٹر کے ساتھ ٹھٹہ بھٹ ایک گاؤں ہے۔ میرے ساتھ ہماری پارٹی

کے صوبائی نائب صدر اور MNA اور IPC کے چیئرمین صاحب بھی تھے۔ پروگرام کے بعد ہمارے ساتھیوں کے گھر کچھ دور تھے۔ پارٹی کے ڈپٹی چیئرمین محترم مختیار خان یوسف زئی صاحب اور آٹھ دس ساتھیوں نے کہا کہ ہمارے گاؤں گھر چلیں۔ ہم ان کے ساتھ گاؤں جا رہے تھے کہ main road پر security forces کے barriers لگے ہوئے تھے۔ ہم وہاں گئے اور اپنا تعارف کروایا، گاؤں والے خوازہ خیلہ سے صبح شام اپنے گاؤں جاتے ہیں لیکن انہوں نے ہمیں جانے نہیں دیا۔ ہم نے وہاں پندرہ بیس منٹ انتظار کیا، میں نے، MNA صاحب اور ہمارے ساتھیوں نے اپنا تعارف کرایا ان لوگوں کے وہاں گھر تھے اور وہ لوگ ان کو جانتے بھی تھے لیکن ان لوگوں نے ہم کو پندرہ سے پچیس منٹ تک ٹھہرایا۔ ہمیں آگے جانے نہیں دیا پھر ہم واپس آ گئے۔ ایک parliamentarian, Member of Senate of Pakistan ہوتے ہوئے جب ہمارے ساتھ ان کا یہ رویہ ہے تو عام لوگوں کے ساتھ ان کا کیا رویہ ہوگا۔

جناب چیئرمین: لیکن کیا کہہ رہے تھے کیوں نہیں جانے دے رہے تھے۔

سینیٹر محمد عثمان خان کاکڑ: ان لوگوں نے دو تین مرتبہ اپنے افسران کو فون بھی کیا لیکن وہ اجازت نہیں دے رہے تھے۔ بنیادی مسئلہ یہ ہے کہ میں تھوڑی سی تفصیل بیان کر دوں۔ خوازہ خیلہ میں security forces والے Cantt بنا رہے ہیں۔ میں نے یہاں motion raise کیا، یہ Standing Committee کے پاس گیا۔ Standing Committee نے ایک Sub-Committee بنائی پھر وہ لوگ وہاں گئے اس میں سینیٹر فرحت اللہ بابر صاحب، سینیٹر لفٹیننٹ جنرل (ر) صلاح الدین ترمذی صاحب اور سینیٹر مولانا عطاء الرحمٰن صاحب شامل تھے۔ ان لوگوں نے رپورٹ پیش کی، وہ adopt کی گئی۔ وہاں پر ان لوگوں کی ذاتی زمینیں اور گھر تھے، سکول، کالج اور سرکاری دفاتر تھے۔ سینیٹ نے فیصلہ کیا کہ چھاؤنی دوسری جگہ بنالیں اس جگہ کی نشان دہی بھی کر دی۔ اس لیے جب انہوں نے میرا نام سنا اور میں اس کیس کا mover تھا تو صرف اسی بدنیتی کی بنیاد پر مجھے، MNA صاحب کو اپنے ساتھیوں کے گھر نہیں جانے دیا گیا۔ مجھے تو یہی سبب نظر آ رہا ہے۔

جناب چیئرمین: نہیں اس سپاہی کو تو آپ کا نام اور motion کا تو پتا نہیں ہوگا۔

سینیٹر محمد عثمان خان کاکڑ: نہیں جناب اس نے اپنے کمانڈر سے ٹیلی فون پر بات کی۔ ہم نے ان کو اپنا کارڈ بھی دیا، اپنا تعارف کروایا۔

جناب چیئرمین: آپ میرے پاس chamber میں آ جائیں میں بات کر کے پتا کرتا ہوں کہ کیا وجوہات ہیں۔

سینیٹر محمد عثمان خان کاکڑ: جناب بعد میں مجھے اجازت ہو گی کہ میں privilege motion move کروں۔

جناب چیئرمین: نہیں، privilege motion تو as such نہیں بنتا۔ میں آپ کے سامنے بات کروں گا اور اس مسئلے کو رفع دفع کریں گے۔ سینیٹر محمد اعظم خان سواتی صاحب۔

Point of public importance raised by Senator Mohammad Azam Khan Swati regarding imposters working at sensitive places

سینیٹر محمد اعظم خان سواتی: جناب! یہ انتہائی ضروری ہے اور میں کچھ کاغذات Chamber میں اور کچھ کاغذات یہاں آپ کی نذر کروں گا۔ پاکستان کی سرزمین دہشت گردی کی وجہ سے چیخ چیخ کر پکار رہی ہے کہ میری اور میرے باسیوں کی حفاظت کرو۔ جناب! یقین کریں کہ میں نے جب یہ documents لیے تو مجھے ابھی تک یقین نہیں آ رہا ہے کہ Pakistan Ordnance Factories, Wah کے اندر ایسے لوگ employee ہیں جو عدالت کی طرف سے convicted ہیں۔ یہ الزام نہیں ہے، عدالت کی طرف سے convicted ہیں۔

جناب چیئرمین: کس offence میں؟

سینیٹر محمد اعظم خان سواتی: جناب! میں آپ کو سناتا ہوں کہ

they are skilled imposter, that particular person along with other people worked in Citi Bank as Regional Head, visiting Professor in Mohammad Ali Johar University, Executive President of PTCL, Manager Human Resource in OGDCL and is a Consultant in Fauji Fertilizer Limited

اور یہ نہیں، میرے پاس۔۔۔۔

جناب چیئرمین: اتنی جگہوں پر یہ ابھی بھی کام کر رہا ہے۔

سینیٹر محمد اعظم خان سواتی: اتنی جگہوں پر کام کیا اور باقاعدہ طور پر اپنے آپ کو ISI کا کرنل ظاہر کیا۔ اس کو خیبر پختونخوا کی حکومت نے arrest کیا اور میں خاص طور پر میڈیا کی توجہ اس طرف مبذول کراؤں اور جناب! یہ بہت ضروری ہے کہ پچھلے دنوں واہ آرڈیننس فیکٹری سے آصف محمود نام کا ایک آدمی army operation سے پکڑا گیا جو کہ وہاں پر کئی سال سے امامت کرا رہا تھا۔ اس نے وہاں پر English medium school بنایا اور آرڈیننس فیکٹریز کے ایک آفیسر کی بیٹی سے شادی کی۔ وہ آدمی باقاعدہ ''جماعت الاحرار افغانستان'' کے اندر یہ جتنے بھی ''القائدہ'' ہیں ان کو ساری information دے رہا تھا۔ انہوں نے Fox Hunt operation کے ذریعے اس آدمی کو پکڑا اور جب اس قسم کے دیگر بہت سے آدمیوں کو پکڑا تو ان میں سے ایک آدمی نے یہ بتایا، میں حکومت کی توجہ اس جانب مبذول کراؤں گا کہ کرنل شجاع خانزادہ کو شہید کرنے کے لیے جو لڑکا jacket دے کر supply کیا گیا تھا، وہ بھی ان کے ہی ایک آدمی نے supply کیا تھا۔ چند دن پہلے ''جیو نیوز'' کے نمائندے زاہد گشکوری نے شاہزیب خانزادہ کے پروگرام میں اس کی پوری تفصیل بیان کی۔ آج مجھے حیرانی ہے اور یقین کریں میرے پاؤں کے نیچے سے زمین سرک رہی ہے کہ اگر آرڈیننس فیکٹریز واہ کے اندر اور ایک نہیں اس کے علاوہ تین اور بھی ہیں۔ یہ اتنا سنجیدہ مسئلہ ہے کہ میں اس کو lighter note میں نہیں لے کر جانا چاہتا لیکن اس دن جب مظفر حسین شاہ صاحب نے PIA کے تناظر میں اپنی report پیش کی تو آپ نے کہا کہ اگر پانچ لاکھ روپے دے رہے ہیں تو مجھے بھی deputation پر وہاں جانا چاہیے۔ اس آدمی کو جو بیس گریڈ کے آفیسر کی پوسٹ پر کام کر رہا ہے، اس کے ساتھ بائیس آدمی اور ہیں۔ دو آدمی اور بھی خاص طور پر رکھے گئے ہیں اور واہ آرڈیننس فیکٹری میں اس شخص کو تقریباً پانچ لاکھ روپے ماہانا سے زیادہ تنخواہ مل رہی ہے اور دیگر benefits مل رہے ہیں۔ ظلم کی بات یہ ہے کہ Ministry نے Ordnance Factories کو باقاعدہ طور پر notice لکھا ہے کہ ان سارے لوگوں کو جن کی ڈگریاں جعلی ہیں، فوری طور پر نکالا جائے۔ جناب! یہ National Action Plan ہے، جہاں اسی واہ فیکٹریز سے لوگ نکلتے ہیں جو پنجاب کے وزیر داخلہ کو شہید کرنے میں ملوث ہیں۔ یہ ایک لمبی list ہے، میں آپ کا زیادہ وقت نہیں لینا چاہتا لیکن آپ کی، میڈیا، قائد ایوان اور ایوان کی توجہ مبذول کرانا چاہتا ہوں کہ یہ سارے کاغذات میں آپ کی نذر کر رہا ہوں اور میں نے خود ان کی تصدیق کی ہے کہ انہوں نے تین آدمیوں کو، جناب! یہ order ہے،

Dr. Aamer Murad has been appointed as Executive Director, HR on contract with a pay of 282000 اور اس کے دیگر benefits ملائیں تو وہی بات ہے deputation کا دوسرا ادارہ کھل گیا اور پانچ لاکھ روپے سے زائد ہو گئے۔

جناب چیئرمین: سواتی صاحب، یہ صاحب جن کا آپ نے ابھی پڑھا ہے. he is in jail

Senator Mohammad Azam Khan Swati: He is not in jail, presently he is serving in grade 20, convicted person, an imposter.

Mr. Chairman: He has been convicted.

Senator Mohammad Azam Khan Swati: He has been convicted in another case in 2012.

باقاعدہ جعلی ڈگری ثابت ہوئی تھی اور 2012 میں اس کو عدالت نے convict کیا ہے۔

جناب چیئرمین: اس کو عدالت نے سزا نہیں دی۔

سینیٹر محمد اعظم خان سواتی: جناب! اس وقت سزا بھی دی تھی، وہاں سے رہا ہو کر آیا ہے اور اس وقت وہ واہ فیکٹریز میں ہے۔ National Action Plan کہاں ہے جب کہ یہ۔۔۔

جناب چیئرمین: لیکن یہ National Action Plan میں نہ آیا، وہ جعلی ڈگری ہے۔

سینیٹر محمد اعظم خان سواتی: جناب! وہاں پر ایک بندہ امامت کراتا ہے، ایک آفیسر کی بیٹی سے شادی کرتا ہے اور شاہ زیب خانزادہ کی پوری report نشر ہوئی ہے۔ حکومت کا جو Army operation ہے، اس نے اس کی تصدیق کی ہے۔ میں یہ کہہ رہا ہوں کہ اگر اتنی sensitive جگہ پر بائیس آدمیوں کو قواعد وضوابط کے بغیر رکھا گیا ہے۔ Defence Production Ministry کہہ رہی ہے کہ ان آدمیوں کو فوری طور پر ہٹائیں، rules کی خلاف ورزی ہوئی ہے اور ان سے سارے پیسے واپس لیں۔ اس کے باوجود جنرل صاحب جو top brass ہے کیونکہ مجھے تو کوئی خوف نہیں، مجھے تو ملک کی پاسداری اور ملک کی حفاظت سے غرض ہے۔ حکومت کو خاص طور پر اس سلسلے میں دیکھنا چاہیے کہ کیا ایک convicted آدمی جعلی ڈگری پر اور اس کے ساتھ بائیس آدمی اور ہیں۔ اتنی بڑی غفلت، کیا حکومت لاپرواہی کر سکتی ہے؟

جناب چیئرمین: یہ کاغذات اور verbatim Minister concern کو بھیجیں to come and reply to this on Thursday.

سینیٹر محمد اعظم خان سواتی: جناب یہ انتہائی serious مسئلہ ہے، rules کی خلاف ورزی ہے۔ اس لیے یہ میں آپ کی نذر کر رہا ہوں۔ میں نے اپنے resources سے خود verify کیا ہے۔ یہ میں اس لیے لے کر آیا ہوں کہ وہاں کے لوگوں نے کہا کہ ہم نے اس کی شکایت بھی کی ہے لیکن جنرل صاحب کچھ سن ہی نہیں رہے۔ کیا ملک کی بدنامی یا اتنی سنگیں خلاف ورزی کر کے National Action Plan کی دھجیاں اڑائی جا رہی ہیں یا وہ اپنے طور پر اتنے زبردست اور طاقتور ہیں کہ ان کو وزیر، وزارت اور نہ کسی اور چیز کی پرواہ ہے؟ اس لیے تاکید کر کے اس کا جواب دیا جائے۔

جناب چیئرمین: چلیں، let us see what the Minister has to say. یہ verbatim with the observation بھیج دیں کہ وہ Thursday کو آ کر اس کے بارے میں بتائیں. and then I will see what is to be done تاج حیدر صاحب۔

Point of public importance raised by Senator Taj Haider regarding unnecessary secrecy in Census

سینیٹر تاج حیدر: جناب! ملک میں پرسوں سے مردم شماری کا سلسلہ شروع ہو رہا ہے اور اس سلسلے میں جو شکوک و شبہات اور مسائل ہیں، اس پر Finance Committee نے meeting بھی کی ہے اور ان کی report ایک، دو دنوں میں آ جائے گی۔ جناب! کچھ معاملات فوری نوعیت کے ہیں جن کو میں اس وقت پیش کرنا چاہ رہا ہوں اور مجھے امید ہے کہ حکومت اس کا notice لے گی۔ کل ہی Chief Minister, Sindh نے جناب اسحاق ڈار صاحب کو ان معاملات کے بارے میں خط لکھا ہے۔

جناب! سب سے بڑا مسئلہ transparency کا ہے۔ ایک تو یہ ہے کہ یہ معلومات secret ہوں گی۔ جی ہاں! آپ ذاتی معاملات، family کے معاملات ضرور secret رکھیے لیکن جو عمومی معلومات ہیں کہ اس block میں کتنے گھر ہیں، آج ان گھروں میں سے کتنے گھروں پر نشان لگائے گئے کیونکہ یہ مرحلہ خانہ شماری کا ہے۔ Chief Minister, Sindh نے کل ہی یہ خط لکھا

ہے جس میں دو، تین باتیں کہیں ہیں۔ پہلی بات یہ ہے کہ خانہ شماری کی team REM-2 form روز شام کو جا کر Assistant Commissioner کے دفتر میں جمع کرائے گی کہ آج ہماری team نے کتنے گھر کیے ہیں اور کون کون سے گھروں پر نشان لگائے ہیں۔ جناب عالی! اس کو بھی اسی secrecy میں لیا جا رہا ہے۔ ہم نے مرکزی حکومت سے یہ گزارش کی ہے کہ اس کو secret نہ رکھا جائے، وہ forms National Bureau of Statistics کی website پر ہوں تاکہ لوگ دیکھ سکیں کہ آج خانہ شماری میں، ہمارے بلاک میں کتنے اور کون کون سے گھر ہیں کیونکہ جب وہ یہ دیکھ لیں گے تو پھر وہ یہ نشاندہی بھی کر سکیں گے کہ کن کن گھروں پر نشانات نہیں لگے ہیں۔ چیف منسٹر صاحب نے یہ بھی کہا ہے کہ وہاں پر بنیادی آفیسر اسسٹنٹ کمشنر ہے اور ڈسٹرکٹ کا انچارج ڈپٹی کمشنر ہے، ان کے دفاتر میں complaints lodge کی جا سکیں اور ان complaints کے بارے میں لوگوں کو بتایا جا سکے کہ آج یہ یہ complaints سامنے آئی ہیں۔ اس سلسلے میں بہت سے معاملات ہیں، کراچی کے Data Processing Centre کے تمام equipment کو اٹھا کر یہاں لایا گیا ہے، جو forms بھرے جائیں گے، وہ وہاں سے transfer کیے جائیں گے اور اس خدشے کا اظہار کیا جا رہا ہے کہ اگر کراچی میں ہو گا تو اس میں manipulation کے chances رہیں گے، اس سے بداعتمادی پیدا ہو رہی ہے ، کل ہماری اس سلسلے میں طویل meeting ہوئی کہ transparency ہو۔ جناب چیئرمین! چیف منسٹر صاحب نے جو کہا ہے میں اس کی نقل، آپ کے توسط سے Leader of the House کو پیش کرنا چاہتا ہوں کہ اس میں جو امور دیے گئے ہیں، انہیں حکومت کے ساتھ بیٹھ کر transparent بنانے میں مدد کریں۔ شکریہ۔

جناب چیئرمین: تاج صاحب! اگر آپ اس سلسلے میں calling attention notice move کر دیتے تو concerned منسٹر صاحب یہاں پر موجود ہوتے and he would have taken note of this. راجہ صاحب تو بات کریں گے but concerned Minister would have been here.

سینیٹر تاج حیدر: جناب چیئرمین! ہماری کل کراچی میں meeting ہوئی ہے، اس میں بہت سی چیزیں سامنے آئیں لیکن یہ دو چیزیں بہت اہم اور فوری نوعیت کی تھیں۔

جناب چیئرمین: آپ آج calling attention ڈال دیں fix it on Wednesday because it pertains to the census let the Minister be here to take notes of it. جی کلثوم پروین صاحبہ۔

Point of Public Importance raised by Senator Kalsoom Perveen regarding Blocked Identity Cards in Balochistan

سینیٹر کلثوم پروین: جناب چیئرمین! میں بھی census سے متعلق بات کرنا چاہ رہی ہوں، ہمارا سب سے بڑا issue یہ ہے کہ ہمارے ساڑھے تین لاکھ شناختی کارڈز block ہیں، ان کا کوئی فیصلہ نہیں ہو رہا کہ وہ صحیح ہیں یا غلط ہیں یا ان پر کیا allegation ہے۔

جناب چیئرمین: یہ کہاں پر block ہیں؟

سینیٹر کلثوم پروین: میں بلوچستان کی بات کر رہی ہوں۔ میں نے پہلے بھی یہ بات ایجنڈے پر اٹھائی تھی۔

جناب چیئرمین: اس دن یہاں منسٹر صاحب آئے تھے، انہوں نے کافی تفصیل سے آپ کو blocked شناختی کارڈز کے بارے میں بتایا تھا۔

سینیٹر کلثوم پروین: جناب چیئرمین! انہوں نے کہا تھا کہ ہم بتدریج clear کر رہے ہیں، اب تو census شروع ہو رہی ہیں۔

جناب چیئرمین: مجھے یاد ہے کہ انہوں نے تقریباً ایک لاکھ شناختی کارڈز کا کہا تھا کہ یہ block ہیں اور وہ ساتھ ساتھ انہیں release کر رہے ہیں۔

سینیٹر کلثوم پروین: جناب چیئرمین! تقریباً ایک لاکھ تو blocked ہیں، باقی پر ان کو کچھ تحفظات ہیں، شاید انہیں clear کرنے میں کوئی مسئلہ درپیش ہے۔ میرے پڑوسی ہیں جنہوں نے عمرے کے لیے جانا ہے لیکن ان کا شناختی کارڈ ابھی تک under process ہے۔

جناب چیئرمین: میرے خیال میں عمرے کے لیے تو شناختی کارڈ کی ضرورت نہیں ہوتی۔

سینیٹر کلثوم پروین: میرے خیال میں پاسپورٹ یا کسی اور چیز کے لیے ضرورت ہو، I don't know. ہم 19 سال کے بعد census کرنے جا رہے ہیں، یہ بڑی اچھی بات ہے، اسے neat and clean ہونا چاہیے اور اس میں تمام لوگوں کو شامل ہونا چاہیے، جہاں تک بلوچستان کا

تعلق ہے تو کچھ areas ایسے ہیں کہ جنہیں grey areas کہہ سکتے ہیں یا جہاں law and order کی situation صحیح نہیں ہے، وہاں پر فوج کام کر رہی ہے، وہ بھی ٹھیک ہو جائے گا۔

جناب چیئرمین! میں یہ کہنا چاہتی ہوں کہ جیسے elections میں ہوا کہ ہمارے موبائل پر ایک نمبر دیا گیا تھا کہ جس سے ہم اپنا data check کر سکتے تھے کہ ہمارے گھر کے کتنے افراد کے ووٹ ہیں۔ اگر کوئی اس قسم کا system launch ہو جائے تو ہم اپنے طور پر check کر سکیں کہ جو ہماری constituency ہے، جہاں سے ہم نے الیکشن لڑنا ہے، اس علاقے میں، 34, 35, 36 میں کتنے گھر ہیں اور وہاں کتنے لوگ رہتے ہیں۔ اس سلسلے میں NADRA کو بھی استعمال کیا جائے تاکہ ہم اپنے موبائل پر check کر سکیں۔ شکریہ۔

Mr. Chairman: Raja Sahib, I was just thinking جیسے جیسے census آگے بڑھے گا تو ایسے issues raise ہوتے رہیں گے۔ May be you can talk to the Government کہ اگر کوئی Point Minister مقرر کر دیں اور ہم یہاں پر temporarily for the period of the census ایک سینیٹ کی Parliamentary Committee بنا دیں اور اگر کوئی complaints ہوں تو Committee can take it up with Point Minister جو گورنمنٹ مقرر کرے and then he can look into them and tell the Committee what has happened. آپ بات کر کے Wednesday or Thursday کو بتا دیں۔

Senator Raja Muhammad Zafar-ul-Haq, Leader of the House

سینیٹر راجہ محمد ظفر الحق: میں بات کر لوں گا۔

جناب چیئرمین: شکریہ۔ اور کوئی بات نہیں کرنا چاہتا۔ میں Members کو یاد دہانی کرنا چاہتا ہوں کہ کل نو بجے Asian Parliamentary Association کا inaugural session ہے، تمام ممبران سے درخواست ہے کہ تشریف لائیں۔ کل چونکہ صبح شام APA کا session ہو گا تو ہاؤس کو Wednesday تک adjourn کر رہے ہیں۔

The House stands adjourned to meet again on Wednesday, 15th March, 2017 at 3:00 p.m.

The House was then adjourned to meet again on Wednesday, 15th March, 2017 at 3:00 p.m.

Index

Mr. Zahid Hamid 5, 9, 10, 12, 19, 22
Ms. Anusha Rahman Ahmed Khan 64
Senator Col. (R) Syed Tahir Hussain Mashhadi 42
Senator Farhatullah Babar 27, 38
Senator Mian Muhammad Ateeq Shaikh 13, 14
Senator Mohammad Azam Khan Swati 7, 8, 9, 10, 11, 12, 32, 73
Senator Saleem Mandviwala 4, 6, 23
Senator Sehar Kamran 3, 4, 22
Senator Sitara Ayaz 27, 52
جناب زاہد حامد 19, 24, 60
جناب شاہد خاقان عباسی 68
جناب عابد شیر علی 38, 51
جناب محمد بلیغ الرحمٰن 7, 8, 49
ڈاکٹر طارق فضل چوہدری 3, 14, 17, 29
سینیٹر تاج حیدر 2, 55, 74, 75
سینیٹر راجہ محمد ظفرالحق 58, 77
سینیٹر ستارہ ایاز 52, 53
سینیٹر سحر کامران 3, 22, 23
سینیٹر سردار محمد اعظم خان موسیٰ خیل 15, 16, 18, 19, 20, 21
سینیٹر سلیم مانڈوی والا 4
سینیٹر فرحت اللہ بابر 38, 50
سینیٹر کلثوم پروین 27, 76
سینیٹر لفٹیننٹ جنرل (ر) عبدالقیوم 53, 67
سینیٹر محمد اعظم خان سواتی 8, 10, 11, 32, 65, 71, 72, 73, 74
سینیٹر محمد عثمان خان کاکڑ 40, 69, 70, 71
سینیٹر محمد علی خان سیف 57
سینیٹر میاں محمد عتیق شیخ 13, 15
سینیٹر نہال ہاشمی 45
سینیٹر مولانا تنویر الحق تھانوی 54
شیخ آفتاب احمد 19, 20
محترمہ انوشہ رحمٰن احمد خان 33, 63